انڈیکس الفضل انٹرنیشنل

جلد نمبر 18

2011ء

عناوین	صفحہ

خطبات جمعہ وعیدین

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	کتنے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اپنے عشق و وفا کے نمونے دکھانے کے لئے اللہ تعالیٰ کے انبیاء اور فرستادوں کا زمانہ پاتے ہیں۔ یہ نمونے دکھانے کا موقع ہم میں سے بعض کے باپ دادا کو بھی ملا، آباؤ اجداد کو بھی ملا، جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا وقت پایا اور اپنی محبت اور پیار اور عقیدت اور احترام کا اظہار براہِ راست آپ سے کیا اور پھر آپ علیہ السلام کے پیار اور شفقت سے بھی حصہ لینے والے بنے۔ یہ وہ محبت اور وفا کے نمونے ہیں جو آگے نسلوں کو بھی قائم رکھنے چاہئیں۔ (حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے بعض صحابہ کے حضور علیہ السلام سے عشق و محبت کے ایمان افروز واقعات کا دلنشیں بیان) ان بزرگوں کی نسلوں کو بہت زیادہ اپنے بزرگوں کے لئے دعائیں بھی کرنی چاہیں اور پھر ساتھ ہی اپنے ایمان کی ترقی اور استقامت کے لئے بھی دعائیں کرنی چاہئیں۔	7/جنوری	1
24/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاکستان کے سخت حالات کے بعد جماعت کی ترقی کی رفتار کئی گنا بڑھ چکی ہے بلکہ پاکستان میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ترقی پہلے سے بڑھ کر ہے۔ پس جب اللہ تعالیٰ کے اتنے احسانات ہیں تو کبھی بھی، کسی وقت بھی کسی کے دل میں بھی مایوسی کے خیالات نہیں آنے چاہئیں۔ بلکہ ان دنوں میں اہلِ ربوہ کو بھی اور اہلِ پاکستان کو بھی اپنی بے چینیوں کو خدا تعالیٰ کے حضور جھکتے ہوئے دعاؤں میں بدل لینا چاہئے، دعاؤں میں ڈھال لینا چاہئے۔ حیا اور تقدس کے اظہار اور حفاظت کے ساتھ ساتھ جلسے میں شامل ہونے والے اپنی نمازوں کی بھی خاص طور پر حفاظت کریں۔ اذان کی آواز پر ہر ایک کا رُخ مسجدوں کی طرف ہونا چاہئے۔ اسی طرح جلسے کی کارروائی کے دوران بھی جلسے کو سننے کی بھرپور کوشش اور توجہ ہونی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کی بستی میں ایک روحانی ماحول کے تحت اتنی تعداد میں جمع کر کے ایک موقع پیدا کیا ہے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ اس سے اس کا فضل مانگیں۔ اس کے احسان کا شکر ادا کریں۔ پاکستان سے شامل ہونے والے خاص طور پر پاکستان میں احمدیوں کے حالات اور ملک کے حالات کے بارے میں بھی دعائیں کریں۔ اپنے اضطرار اور اضطراب کو دعاؤں اور آنسوؤں میں ڈھالنے کی انتہا کر دیں اور پھر پہلے سے بڑھ کر اپنی زندگیوں کا مستقل حصہ بنالیں تا کہ ایک حقیقی انقلاب لانے والے بن جائیں۔ خدا تعالیٰ کی تقدیر کو جو احمدیت کی فتح کی تقدیر ہے، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کو دنیا پر غالب کرنے کی تقدیر ہے، جو دنیا کی اکثریت کو مسیح محمدی کی جماعت میں شامل کرنے کی تقدیر ہے، جو دوسری قوموں کی طرح پاکستانیوں پر بھی مسیح موعودؑ کی صداقت خارق عادت طور پر ظاہر ہونے کی تقدیر ہے۔ اس الٰہی تقدیر کو اپنی زندگی میں دیکھنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے عاجزی کی انتہا کرتے ہوئے مانگتے چلے جانا چاہئے۔ (جلسہ سالانہ قادیان کے حوالے سے جلسہ میں شامل ہونے والوں کو نہایت اہم	14/جنوری	2

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		نصائح) مردان میں ہمارے ایک نوجوان مکرم شیخ عمر جاوید صاحب کو شہید کر دیا گیا۔شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب		
31/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	2010ء کے سال کا آغاز بھی جمعہ سے ہوا تھا جو بابرکت دن تھا اور اس کا اختتام بھی جمعہ سے ہو رہا ہے جو ایک بابرکت دن ہے۔جس قوم کی ایسی مائیں ہوں جو اپنے بیٹوں کو شہادت کے لئے تیار کر رہی ہوں، ایسے لواحقین جن شہداء کے ہوں جو افسوس پر آنے والوں کو تسلی دلا رہے ہوں تو ایسا جان دینا جو ہے وہ خدا تعالیٰ کی ناراضگی یا سزا کے طور پر نہیں ہوا کرتا۔دلوں کی تسلی اور تسکین کے لئے یہ سامان خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے ہوتے ہیں۔ہم تو وہ قوم ہیں جو دشمن سے ڈر کر کبھی اپنے خدا کا دامن نہیں چھوڑتے۔ اللہ تعالیٰ نے جس کثرت سے اس سال احمدیت کے خوبصورت پیغام کو دنیا کے امیر ملکوں میں بھی اور دنیا کے غریب ملکوں میں بھی متعارف کروانے کا سامان پیدا فرمایا ہے۔یہ خدا تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں اور برکتوں کا ہی نظارہ ہے۔ یہ قربانیاں جو شہدائے پاکستان نے دی ہیں، دیتے رہے ہیں، جس کی انتہا 2010ء کے سال میں بھی ہوئی، یہ قربانیاں انشاء اللہ کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی بلکہ نہیں جا رہیں۔احمدیت کا پیغام اور تعارف، اسلام کی امن پسند تعلیم کا پیغام دنیا کے ہر کونے میں کثرت سے پہنچنا، یہ ان قربانیوں کا ہی نتیجہ ہے۔اور یہ سلسلہ چلتا چلا جا رہا ہے۔آئندہ دنیا کے افق پر احمدیت کی فتوحات اُبھر رہی ہیں۔شہداء کی قربانیاں ہمارے ایمانوں میں بھی اضافے کا موجب بن رہی ہیں۔ہمیں صرف اس بات پر ہی تسلی نہیں پکڑنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ قربانیوں کو ضائع نہیں کرتا اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ مَیں تجھے فتوحات دوں گا، یہ تو ہو گا اور انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً ہو گا لیکن ہمیں اپنی حالتوں کے جائزے لینے کی بھی ضرورت ہے۔سال 2010ء میں رشین ڈیسک کے ذریعہ ایم ٹی اے پر رشین پروگرام بھی جاری ہیں۔اب سینکڑوں کی تعداد میں رشین احمدیوں کے خطوط آتے ہیں۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کو جو روحانی خزائن کے نام سے طبع شدہ ہیں جماعتی ویب سائٹ پر ایک سرچ انجن میں ڈالا گیا ہے۔یہ بہت بڑا کام تھا جو اللہ کے فضل سے ہمارے نوجوانوں کی ٹیم نے کیا ہے۔اس میں ہندوستان کے بہت سے نوجوان شامل ہیں۔حضور ایدہ اللہ کے نام سے کسی نے فیس بُک (Face Book) پر اکاؤنٹ کھولا ہوا ہے جو غلط طریق کار ہے۔احباب جماعت کو فیس بُک کی قباحتوں سے بچنے کے لئے تاکیدی نصیحت۔	21/جنوری	3
7/جنوری	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی کا معیار جذبہ اور نسبت کا ہے، مقدار کا نہیں۔قربانیوں کی قبولیت بھی نیت کے مطابق اور عمل کے مطابق درجہ پاتی ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قربانی کی جو روح جماعت میں پیدا کی ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس میں جماعت ترقی کرتی چلی جا رہی ہے۔ صحابہ کی قربانیوں کے نمونے نئے آنے والے بھی زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ہندوستان اور افریقہ کے غریب احمدیوں کے مالی قربانی کے حیرت انگیز اور نہایت ایمان افروز واقعات کا تذکرہ وقف جدید کے 53ویں سال کے اختتام اور نئے سال کے آغاز کا اعلان۔گزشتہ سال وقف جدید میں جماعت کو 41لاکھ 83ہزار پاؤنڈز سے زائد کی قربانی کی توفیق ملی۔پاکستان اول، امریکہ دوم اور یو کے تیسرے نمبر پر رہے۔گھانا اور نائیجیریا کے لئے اگلے سال کم از کم مزید 50ہزار افراد کو وقف جدید میں شامل کرنے کا ٹارگٹ۔مختلف پہلوؤں سے ممالک اور جماعتوں کی قربانیوں کا جائزہ۔مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب آف جرمنی کی وفات اور مرحوم کے خصائل حمیدہ کا تذکرہ۔نماز جنازہ غائب	28/جنوری	4

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
11/ستمبر 2010	خطبہ عید الفطر 2010ء	آیت قرآنی فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا۔ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا کے حوالہ سے ہر تنگی کے بعد کامیابیوں کی عظیم الشان نوید کا تذکرہ۔ نام نہاد مولوی چاہیں یا نہ چاہیں، اسلام کی سرسبزی کا دور مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ اور آپ کی جماعت کے ساتھ مقدر ہے۔ ہر احمدی پاکستان میں اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر پھر رہا ہے اور جانتا ہے کہ اگر میری جان جائے گی تو ایک عظیم مقصد کے لئے جائے گی۔ گو ہمارے شہداء نے بہت بڑی قربانی دی ہے لیکن اس قربانی کے پیچھے جس عظیم انقلاب کی تاریں ہل رہی ہیں وہ آج کے دن ہمیں اس طرف متوجہ کر رہی ہیں کہ حقیقی عید تو اس دن آئے گی جب ان قربانیوں کے صدقے دنیا اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرے گی۔ جب دنیا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہو گی۔ آئندہ جب احمدیت اور حقیقی اسلام کی فتح کی خوشی منائی جائے گی یا فتح کی خوشی میں عید منائی جائے گی تو شہدائے احمدیت کو تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔	28/جنوری	4
14/جنوری	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برداشت اور عفو اور ہر خُلق کا نمونہ بے مثال تھا۔ ان نمونوں پر چلنا، ان کی طرف توجہ دینا آج کے مسلمانوں کا بھی فرض ہے۔ اگر مسلمان اس نکتہ کو سمجھ لیں تو اسلام کے پیغام کو کئی گنا ترقی دے سکتے ہیں۔ کاش کہ یہ لوگ شدت پسند گروہوں کے چنگل سے نکل کر اس اُسوہ پر غور کریں جو ہمارے سامنے ہمارے آقا و مطاع حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منافقوں کے ساتھ عفو و درگزر اور حسن سلوک کے غیر معمولی نمونوں کا تذکرہ۔	4/فروری	5
21/جنوری	مسجد بیت الفتوح	میرے سید و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و ناموس پر اگر کوئی ہاتھ ڈالنے کی ہلکی سی بھی کوشش کرے گا تو وہ خدا تعالیٰ کے اس فرمان کہ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِءِیْنَ۔ (یقیناً ہم استہزاء کرنے والوں کے مقابل پر تجھے بہت کافی ہیں) کی گرفت میں آ جائے گا اور اپنی دنیا و آخرت برباد کر لے گا۔ ہمارا کام جو ہمیں ضرور ہی کرنا چاہئے، وہ یہی ہے کہ یہ دجل اور افتراء جس کے ذریعہ سے قوموں کو اسلام کی نسبت بدظن کیا گیا ہے، اُس کو جڑ سے اکھاڑ دیں۔ یہ کام سب کاموں پر مقدم ہے سچی ہمدردی اسلام کی اور سچی محبت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اسی میں ہے کہ ہم ان افتراؤں سے اپنے مولیٰ و سید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا دامن پاک ثابت کر کے دکھلائیں۔ ہم زمین کے سانپوں اور بیابانوں کے بھیڑیوں سے صلح کر سکتے ہیں لیکن ان لوگوں سے ہم صلح نہیں کر سکتے جو ہمارے پیارے نبیؐ پر، جو ہمیں اپنی جان اور ماں باپ سے بھی پیارا ہے، ناپاک حملے کرتے ہیں۔ (حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے احمدیت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور آپ کے لئے عملی غیرت کے شاندار نمونوں اور ناموس رسولؐ کے قیام کے لئے جلیل القدر مساعی کا تذکرہ)	11/فروری	6
28/جنوری	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام گو سب انسانوں سے بڑھ کر ہے کیونکہ آپؐ انسان کامل ہیں لیکن جہاں تک بشر رسول ہونے کا سوال ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی خدا تعالیٰ نے وہی سلوک فرمایا جو باقی رسولوں سے فرمایا۔ دشمنوں کی طعن و تشنیع اور بدزبانیوں اور ایذارسانیوں پر آپؐ نے صبر سے کام لیا اور آپؐ کے متعلق بیہودہ گوئی اور استہزاء سے کام لینے والوں سے خود اللہ تعالیٰ نے بدلہ لیا۔ جب ہم دشمنوں کی باتیں سنا کے تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنی دعاؤں سے خدائے ذوالانتقام کے آگے جھکیں گے تو ان دشمنان اسلام کے بدانجام کو بھی ہم دیکھیں گے۔	18/فروری	7

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
4رفروری	مسجد بیت الفتوح	خیرِ اُمّت ہونا صرف ایمان لانے کا اعلان کرنا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں قدم بڑھانے سے خیرِ اُمّت میں شمار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے نیکیوں کی تلقین کرنی ہوگی اور برائیوں سے دوسروں کو روکنا ہوگا۔ ایک مومن سب سے پہلے یہ دیکھے گا کہ جس بات کی مَیں نصیحت کرنے جارہا ہوں کیا یہ نیکی مجھ میں ہے؟ جس برائی سے مَیں روکنے جارہا ہوں کیا یہ برائی مجھ میں تو نہیں۔ قول اور فعل کا جو تضاد ہے اس کو خدا تعالیٰ نے بھی اور اللہ تعالیٰ کے رسول نے بھی ناپسند فرمایا ہے۔ (حدیثِ نبویؐ کے حوالہ سے نہایت اہم نصائح) مکرم رشید احمد بٹ صاحب ابن مکرم میاں محمد صاحب مرحوم (لاہور) کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب	25رفروری	8
11رفروری	مسجد بیت الفتوح	اے دشمنانِ احمدیت! جو دنیا کے کسی بھی کونے میں بس رہے ہو۔ تم احمدی پر جو بھی ظلم روا رکھنا چاہتے ہو رکھ لو لیکن ہمیں ہمارے ایمانوں سے سرِ مُو ہٹا نہیں سکتے۔ ہر جگہ کے احمدی سے تم یہی جواب سنو گے کہ فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ تم جو کر سکتے ہو کرلو۔ ہمیں ہمارے ایمانوں سے نہیں پھیر سکتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ انڈونیشیا میں جماعت کے ابتدائی حالات اور مخالفتوں اور انڈونیشین احمدیوں کے صبر و استقامت کے عظیم الشان نمونوں کا تذکرہ حال ہی میں چِک یُوسِک (انڈونیشیا) میں نہایت ظالمانہ اور سفّاکانہ طور پر شہید کئے جانے والے تین احمدیوں مکرم توباکوس چاندرا مبارک صاحب، مکرم احمد ورسونو صاحب اور مکرم رونی پیارانی صاحب کا ذکرِ خیر۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ہمیشہ کی زندگی پانے والے ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے جنت کی خوشخبری دی ہے۔ جو آسمان احمدیت کے روشن ستارے ہیں۔ مردان میں پنجاب رجمنٹ پر خودکش حملہ کے دوران ایک احمدی نوجوان منیر احمد کی شہادت۔ شہداء انڈونیشیا اور مکرم منیر احمد صاحب کی نماز جنازہ غائب۔ احباب جماعت کو صبر اور دعاؤں کی خصوصی تلقین	4رمارچ	9
18رفروری	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ پیشگوئی فرمائی تھی کہ ایک بیٹا عطا فرمائے گا جو مصلح موعود ہوگا اور اس کی تفصیل میں آپؑ نے بہت ساری خصوصیات بیان فرمائی تھیں۔ یہ پیشگوئی جو اسلام کی نشاۃ ثانیہ سے تعلق رکھتی ہے، گو تفصیل کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق صادق اور مسیح و مہدی کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے اب دوبارہ کی لیکن اس کی بنیاد تو آج سے چودہ سو سال بلکہ اس سے بھی زائد عرصہ پہلے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی پر ہے۔ اس سال پیشگوئی مصلح موعودؓ کے 125 سال پورے ہورہے ہیں۔ ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اس پیشگوئی کے پورا ہونے کا تعلق صرف ایک شخص کے پیدا ہونے اور کام کر جانے کے ساتھ نہیں ہے۔ اس پیشگوئی کی حقیقت تو تب روشن تر ہوگی جب ہم میں بھی اس کام کو آگے بڑھانے والے پیدا ہوں گے جس کام کو لے کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام آئے تھے اور جس کی تائید اور نصرت کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مصلح موعود عطا فرمایا تھا جس نے دنیا میں تبلیغ اسلام اور اصلاح کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں لگادیں۔ پس آج ہمارا بھی کام ہے کہ اپنے اپنے دائرے میں مصلح بننے کی کوشش کریں۔ اپنے علم سے، اپنے قول سے، اپنے عمل سے اسلام کے خوبصورت پیغام کو ہر طرف پھیلا دیں۔ اگر ہم اس سوچ کے ساتھ اپنی زندگیاں گزارنے والے ہوں گے تو یومِ مصلح موعود کا حق ادا کرنے والے ہوں گے۔	11رمارچ	10
25رفروری	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور مسلمانوں سے ہمدردی کا تقاضا ہے کہ احمدی ان دنوں میں خاص طور پر عالمِ اسلام اور مسلمانوں کے لئے توجہ سے دعائیں کریں۔ مسلمانوں کو ایک کرنے کے لئے، انصاف قائم کرنے کے لئے، دنیا میں امن قائم کرنے کے لئے نظام خلافت ہی ہے جو صحیح رہنمائی	18رمارچ	11

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کر سکتا ہے۔ نظام خلافت سے وابستگی سے ہی مسلم اُمّہ کی بقا ہے۔ لیکن یہ خلافت مسلمانوں کے پُر جوش احتجاج سے یا عوامی کوششوں اور تحریکوں سے قائم نہیں ہونی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق خلافت علی منہاج النبوت قائم ہو چکی ہے۔ آؤ اور اس الٰہی نظام کا حصّہ بن کر مسلم اُمّہ کی مضبوطی کا باعث بن جاؤ۔ عالمِ اسلام کے موجودہ پریشان کن اور دردناک حالات کا بصیرت افروز تجزیہ اور مسلمان حکمرانوں اور عوام کو تقویٰ سے کام لیتے ہوئے اور ہر قسم کے ظلم و تعدّی سے باز رہتے ہوئے عقل و دانش کے ساتھ معاملات کو نپٹانے کی نہایت اہم نصائح		
4/مارچ	مسجد بیت الفتوح	ہر احمدی کو ایک تو اپنے دینی علم میں اضافے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اس کو پتہ ہونا چاہئے مَیں کیا ہوں؟ کون ہوں اور کیوں ہوں؟ دوسرے سب سے بڑھ کر یہ کہ ایمان کی سلامتی کے لئے خدا تعالیٰ سے مدد مانگنی چاہئے کہ اس کے فضل کے بغیر کوئی بھی کام نہیں ہو سکتا۔ چاہے پاکستان کے طاقتور ہوں یا انڈونیشیا کے یا بنگلہ دیش کے یا کسی عرب ملک کے یا کسی بھی ملک کے، وہ سب طاقتوں اور قدرتوں والے خدا کے سامنے کچھ بھی حیثیت نہیں رکھتے جس کے علم نے یہ لکھ چھوڑا ہے کہ اللہ والے ہی غالب آیا کرتے ہیں۔ یہ ایسی نہ تبدیل ہونے والی سنّت ہے جس نے پہلے بھی دشمن کے بدانجام کے نمونے دکھائے اور آج بھی دشمن کے بدانجام کے نمونے دکھا رہی ہے اور دکھائے گی۔ دنیا کے حالات جس تیزی سے بدل رہے ہیں اور کروٹ لے رہے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ یہ احمدیت کے حق میں عظیم نظارے دکھانے والے بننے والے ہیں۔ مکرم ترازی مرزوکی صاحب المعروف امام ادریس آف مراکش کی وفات۔ مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	25/مارچ	12
11/مارچ	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے اندر غیر معمولی تبدیلیاں پیدا کیں اور پھر آگے اپنی نسلوں میں بھی منتقل کرنے کی کوشش کی۔ خوش قسمت ہیں وہ نسلیں جنہوں نے اس فیض کو آگے چلایا۔ ایک ایسے ہی بزرگ جنہوں نے اپنے صحابی باپ دادا کے نام کو روشن کیا ان کا نام حضرت سید داؤد مظفر شاہ صاحب تھا۔ یہ بزرگ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دو جلیل القدر صحابہ کے پوتے اور نواسے تھے۔ تزکیۂ نفس کی جن خصوصیات کا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذکر فرمایا ہے وہ اس بزرگ میں ہمیں نظر آتی ہیں۔ حضرت سید داؤد مظفر شاہ صاحب کے تقویٰ، طہارت، عاجزی، انکساری، صبر، دعاؤں اور عبادات میں انہاک، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی، قرآن کریم سے محبت جیسے خصائل حمیدہ کا قابل رشک تذکرہ۔ اللہ کرے کہ ہمارے تمام بزرگوں کی اولادیں، صحابہ کی اولادیں ہمیشہ اپنے والدین کے، اپنے آباؤ اجداد کے نمونے دیکھنے والی ہوں اور نیک نسل کو آگے چلانے کے لئے دعا اور اپنے عمل سے کوشش کرنے والی ہوں۔	یکم اپریل	13
18/مارچ	مسجد بیت الفتوح	جب بھی دنیا میں زمینی یا آسمانی آفات آتی ہیں خدا تعالیٰ کا خوف رکھنے والا ہر شخص اس خوف سے پریشان ہو جاتا ہے کہ آج جو آفت ایک علاقے میں آئی ہے کل ہمیں بھی کسی مشکل میں مبتلا نہ کر دے۔ خدا تعالیٰ کو یاد رکھنا اُس وقت بھی ہوتا ہے جب خدا تعالیٰ انہیں ہر قسم کی بلاؤں اور مشکلات سے محفوظ رکھتا ہے، اور کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوتی اور جب کسی مشکل میں گرفتار ہوتے ہیں یا کسی بھی قسم کے موسمی تغیر یا آفت کو دیکھتے ہیں اس وقت وہ مزید اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کے حوالہ سے آفات کے ظہور کے آثار کے موقع پر خاص طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں	8/اپریل	14

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		اورخشیت الٰہی کی طرف توجہ کرنے کی نہایت اہم نصائح دوسرے ملکوں میں آفات کو دیکھ کر یہ نہ سمجھو کہ تم محفوظ ہو۔ جاپان میں حالیہ زلزلہ، سونامی سے تباہی اور ایٹمی ری ایکٹروں سے ریڈی ایشن کے خطرات اور فارایسٹ کے مختلف ممالک میں طوفانوں اور زلازل اور پاکستان میں آنے والے سیلاب اور زلزلوں کے پس منظر میں حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کی پیشگوئیوں کا تذکرہ اور بنی نوع انسان کو اپنے خالق و مالک کی طرف توجہ کرنے کی نصیحت ۔مکرم رانا ظفراللہ صاحب ابن مکرم محمد شریف صاحب آف سانگھڑ کی شہادت ۔شہید مرحوم کا ذکرخیر اور نماز جنازہ غائب		
15	15/اپریل	امریکہ میں ایک پادری کی طرف سے قرآن کریم کو جلانے کی مذموم حرکت ۔اس قسم کی ظالمانہ اور وحشیانہ حرکتیں ہمیشہ سے اسلام کے خلاف ہوتی رہی ہیں ۔ایسے مواقع پر اصل ردّعمل یہ ہے کہ اپنے قول سے، اپنے عمل سے، اپنے کردار سے قرآن کریم کی ایسی خوبصورت تصویر پیش کی جائے کہ دنیا خود ہی ایسی مکروہ حرکتیں کرنے والوں پر لعن طعن کرنے لگ جائے۔ سروں کی قیمتیں مقرر کرنے سے یا توڑ پھوڑ کرنے سے یا غلط قسم کے احتجاج کرنے سے قرآن کریم کی عزت قائم نہیں ہوگی بلکہ حقیقی مومن اپنے پر قرآنی تعلیم لاگو کر کے ہی قرآن کریم کی برتری ثابت کرسکتا ہے۔ حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے قرآنی تعلیم کے فضائل کا تذکرہ ۔امریکہ اور دوسرے ممالک کی جماعتوں کو بھی قرآن مجید کی نمائش لگانے کا اہتمام کرنا چاہئے ۔اگر ہال وغیرہ کرائے پر لے کر وہاں نمائشیں لگائی جائیں ،ان میں قرآن کریم کے تراجم رکھے جائیں ،اس کی خوبصورت تعلیم کے پوسٹر اور بینر بنا کے لگائے جائیں ۔خوبصورت Display ہو تو یہ لوگوں کی توجہ بھی کھینچے گا اور میڈیا کی بھی اس طرف توجہ ہوگی اور دنیا کو پتہ چلے گا کہ قرآن کریم کیا ہے اور اس کی تعلیم کیا ہے۔ ہمارا کام یہ ہے کہ جب بھی اسلام، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم پر دشمنوں کے غلیظ حملوں کو دیکھیں تو سب سے پہلے اپنے عملوں کو صحیح اسلامی تعلیم کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں ۔پھر معاشرے میں اس خوبصورت تعلیم کا پرچار کریں اور اس کے لئے جو ذرائع بھی میسّر ہیں انہیں استعمال کیا جائے ۔سلسلہ کے ایک عالم اور بزرگ مکرم ڈاکٹر حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ قادیان کی وفات پر مرحوم کا خاندانی تعارف اور ان کے اوصاف حمیدہ کا تذکرہ۔ مکرم کرنل محمد سعید صاحب (ریٹائرڈ) کی وفات اور مرحوم کا ذکر خیر۔ نماز جمعہ وعصر کے بعد ہر دو مرحومین کی نماز جنازہ غائب	مسجد بیت الفتوح	25/مارچ
16	22/اپریل	اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ اس وقت بدقسمتی سے اس فساد کی حالت میں سب سے زیادہ مسلمان ممالک اس کی لپیٹ میں ہیں ۔قرآن کریم صرف عوام الناس کو یہ حکم نہیں دیتا بلکہ حکمرانوں کو بھی یہی کہتا ہے کہ اپنے اقتدار پر تکبر کر کے ملک میں فساد پیدا نہ کرو۔ عوام کے حقوق تلف نہ کرو۔ امیر اور غریب کے فرق کو اتنا نہ بڑھاؤ کہ عوام میں بے چینی پیدا ہو جائے اور اس کے نتیجہ میں پھر بغاوت کے حالات پیدا ہوں۔ احادیث نبویہ میں اولی الامر اور حکمرانوں کے غلط رویّوں کے باوجود مومنوں کو صبر اور اطاعت اولی الامر کی تلقین کی گئی ہے۔ قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے موجودہ عالمی حالات میں احمدیوں کو خصوصیت سے ہر قسم کے فتنہ و فساد سے بچنے اور دعاؤں کی طرف توجہ دینے کی نہایت اہم تاکیدی نصائح	مسجد بیت الفتوح	یکم اپریل

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
17	29/اپریل	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی بعض روایات کا ایمان افروز تذکرہ۔ یہ روایات ہمیں جہاں صحابہ کے اخلاص و وفا کے نمونوں اور اُن کے احمدیت میں شامل ہونے کے واقعات کا پتہ دیتی ہیں وہاں ان سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے مقام اور اپنے مخلصین سے آپ کے تعلق کا بھی پتہ چلتا ہے۔ ان میں بعض مسائل کا حل بھی موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کے درجات بلند فرمائے اور ان کی نسلوں میں بھی احمدیت کی حقیقی روح ہمیشہ قائم فرماتا چلا جائے۔	مسجد بیت الفتوح	8/اپریل
18	6/مئی	سو سال سے زائد عرصہ پہلے حضور علیہ السلام نے مسلمانوں کا جو نقشہ کھینچا تھا آج بھی مسلمانوں کی حالت پر پوری طرح صادق آ رہا ہے۔ یاد رکھو کہ ان فتنوں کا علاج آسمان میں ہے نہ کہ لوگوں کے ہاتھوں میں۔ اُمّت اتنے فرقوں میں بٹ گئی ہے کہ بجز خدائے رحمٰن کی عنایت کے ان کا اکٹھا ہونا محال ہے۔ اللہ تعالیٰ ان متفرق لوگوں کو صرف آسمانی صُور پھونک کر ہی زندہ فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں جس فرستادے کو بھیجنا تھا وہ آ چکا ہے۔ اسے قبول کریں اور اس جری اللہ کا ساتھ دے کر اس جہاد میں حصّہ لیں جہاں دوسرے مذاہب کو اسلام نے شکست دینی ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی تصنیف ''اَلْھُدٰی وَالتَّبْصِرَۃُ لِمَنْ یَّرٰی'' کے حوالہ سے مسلمان حکمرانوں، امراء، علماء اور عوام کی حالت زار اور طرح طرح کے فتن اور مفاسد کے تجزیہ پر مشتمل نہایت بصیرت افروز، پُرشوکت بیان اور مسلمانوں کو بیش قیمت نصائح۔	مسجد بیت الفتوح	15/اپریل
19	13/مئی	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ''مَیں بھیجا گیا ہوں کہ تا سچائی اور ایمان کا زمانہ پھر آوے اور دلوں میں تقویٰ پیدا ہو۔'' ایک احمدی جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے سلسلہ بیعت میں داخل ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اُسے ان الفاظ کو جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمائے ہیں، ہر وقت سامنے رکھنا چاہئے۔ ان پر غور کرنا چاہئے۔ ان کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ فرائض اور ڈیوٹیوں کے دوران اپنے خدا کو کبھی نہ بھولیں۔ نمازیں وقت پر ادا ہوں اور ڈیوٹی کے دوران ذکر الٰہی اور دعاؤں سے اپنی زبانوں کو تر رکھیں۔ روحانی نظام میں اخلاص و وفا اور اللہ تعالیٰ کی رضا اطاعت کی بنیاد ہے۔ خلافت احمدیہ کی طرف سے کبھی خلاف احکام الٰہی کوئی بات نہیں کی جاتی۔ اگر ہر احمدی اس یقین پر قائم ہے کہ خلافت کا سلسلہ خلافت علی منہاج نبوت ہے تو اس یقین پر بھی قائم ہونا ہوگا کہ کوئی غیر شرعی حکم خلافت سے ہمیں نہیں مل سکتا۔ اسی طرح سے نظام جماعت بھی ہے جب وہ خلافت کے نظام کے تحت کام کر رہا ہے تو کوئی غیر شرعی حکم نہیں دے گا۔ جب خلافت کے استحکام کے لئے ایک احمدی دعا کرتا ہے تو ساتھ ہی اپنے لئے بھی یہ دعا کرے کہ مَیں اطاعت کا اعلیٰ ترین معیار قائم کرنے والا بنوں۔ بعض دفعہ بعض لوگ اپنے ذاتی مفادات کی وجہ سے نظام جماعت پر بداعتمادی کا اظہار بھی کر جاتے ہیں اور اس انعام سے محروم ہو جاتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اب چودہ سو سال بعد عطا فرمایا۔ مَیں عہدیداران جماعت سے بھی یہ کہوں گا کہ وہ خلافت کے حقیقی نمائندے تبھی کہلا سکتے ہیں جب انصاف کے تقاضوں کو خدا کا خوف رکھتے ہوئے پورا کرنے والے ہوں۔	مسجد بیت الفتوح	22/اپریل
20	20/مئی	بہت سے سعید فطرت ہیں جنہوں نے خالی الذہن ہو کر اللہ تعالیٰ سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کو معلوم کرنے کے لئے رہنمائی چاہی اور اللہ تعالیٰ نے ان کی رہنمائی فرمائی اور بعض سعید فطرت ایسے ہیں جو نیکی کی تلاش میں رہتے ہیں ان کی اللہ تعالیٰ ویسے بھی رہنمائی فرما دیتا ہے۔ دنیا کے مختلف علاقوں اور قوموں سے تعلق رکھنے والے افراد کی خوابوں کے ذریعہ احمدیت کی	مسجد بیت الفتوح	29/اپریل

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		صداقت کی طرف رہنمائی کے نہایت دلچسپ اور ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان ۔مکرم احمد باکیر صاحب (سیریا)،مکرم تامر الراشد صاحب (سیریا)،مکرم محمد مصطفیٰ رعد صاحب (سیریا) اور مکرم لطف الرحمٰن شاکر صاحب (جرمنی) کی نماز جنازہ غائب اور مرحومین کا ذکر خیر		
6رمئی	مسجد بیت الفتوح	سچا اور کامل شفیع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنہوں نے قوم کو بت پرستی اور ہر قسم کے فسق و فجور کی گندگیوں اور ناپاکیوں سے نکال کر اعلیٰ درجہ کی قوم بنا دیا۔(قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے شفاعت کے اسلامی نظریہ کی پُر معارف تشریح)	27رمئی	21
13رمئی	مسجد بیت الفتوح	ہر اُس شخص کو جو اپنے آپ کو احمدی کہتا ہے یہ واضح ہونا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق نبی اللہ ہیں۔ آپ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، مگر بغیر کسی شریعت کے اور نبی کریم اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں اور آپ کا نام پاکر اور وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ (الجمعۃ:4) کی قرآنی پیشگوئی کے مطابق۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نبی نہیں تو پھر خلافت بھی نہیں۔ کیونکہ خلافت کا تعلق نبوت کے ساتھ ہے، اس لئے کہ خلافت نے منہاج نبوت پر چلنا ہے۔ ہمارے غالب آنے کے ہتھیار، استغفار، توبہ، دینی علوم کی واقفیت، اللہ تعالیٰ کی عظمت کو مدّنظر رکھنا اور پانچوں وقتوں کی نمازوں کو ادا کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کو بے شمار جگہ پر اس غلبے کی بشارات دی ہوئی ہیں۔ ہمیں اس بات پر یقین ہونا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے وعدے یقیناً پورے ہونے ہیں۔ اگر ہم ان وعدوں کو پورا کرنے میں اپنی حقیر کوشش شامل کر لیں، اگر ہم اپنی ذمہ داری کی اہمیت کو سمجھنے والے بن جائیں تو ہم خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے بن جائیں گے۔ ہر احمدی کا کام ہے کہ اپنی ذمہ داری کو سمجھے۔ یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اور پورا ہو جائے گا ہمیں کیا ضرورت ہے؟ جتنا بڑا وعدہ ہے، جتنی بڑی خوشخبریاں ہیں اُن میں حصہ دار بننے کے لئے ہماری بھی اُتنی بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ جہاں جماعت کا تعارف محبت، امن اور پیار کے حوالے سے کروا دیا گیا ہے وہاں اگلا پیغام یہ ہے کہ یہ ہمارے دل کی محبت، پیار اور امن کی آواز ہم سے یہ تقاضا کرتی ہے کہ ہم انسانیت کو تباہ ہونے سے بچانے کے لئے کوشش کریں۔ دنیا کو خدا تعالیٰ کی پہچان کروائیں اور اُس مقصد کی پہچان کرائیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا ہے تا کہ وہ ان آفات سے محفوظ رہ سکیں۔ (مکرم صاحبزادہ راشد لطیف صاحب راشدی (امریکہ)، مکرم مبارک محمود صاحب مربی سلسلہ (پاکستان)، مکرم مظفر احمد صاحب، مکرمہ فرزانہ جبین صاحبہ، عزیزہ امۃ النور صاحبہ، عزیزم ولید احمد، تصور احمد کی نماز جنازہ غائب اور مرحومین کا ذکر خیر)	3رجون	22
20رمئی	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق، غلامِ صادق، امام الزمان اور آپ ؐ کی پیشگوئیوں کے مطابق آنے والے مسیح و مہدی کو اللہ تعالیٰ نے ایک لمبے اندھیرے زمانے کے بعد بھیج کر ہم پر جو احسان کیا ہے اس پر ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر کریں کم ہے۔ اور شکر کا بہترین ذریعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے اس فرستادہ کے اقوال، ارشادات اور تحریرات کو پڑھ کر غور کریں اور اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔ آپ علیہ السلام نے بے شمار کتب اسلام کی خوبصورت تعلیم اور قرآنِ کریم کی تفصیل بیان کرتے ہوئے تحریر فرمائیں۔ اسلام کی بالا دستی اور برتری دنیا پر ثابت کی۔ لیکن آپ کی بہت سی مجالس ایسی بھی ہیں جو صحابہ کے ساتھ لگتی تھیں۔ جن میں آپ کے صحابہ اس صحبت سے فیض پاتے تھے۔ ان	10رجون	23

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		مجالس کو اس زمانہ میں جماعت کے اخباروں نے محفوظ کیا۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایسی ہی مجالس میں نماز، دعا اور اللہ تعالیٰ سے تعلق کے ضمن میں آپ کی چند نصائح کا پُر اثر تذکرہ۔		
27رمئی	مسجد بیت الفتوح	مسلمان حقیقی خلافت سے اس وقت محروم کئے گئے جب وہ اطاعت سے باہر ہوئے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام مسیح ومہدی بھی ہیں، نبی بھی ہیں اور خاتم الخلفاء بھی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے چودہ سو سال کے بعد مومنین کے ساتھ اپنے وعدے کو پورا کرنے کے لئے اس خلیفہ کو بھیجا جو اُمّتی ہونے کی وجہ سے نبوت کا اعزاز پا کر پھر خلافت جاری کرنے کا ذریعہ بن گیا۔خلیفۂ وقت اور خلافت سے منسلک ہونے والوں کا یہ کام ہے اور اُن کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی عبادت کی طرف خالص ہو کر توجہ دینے والے بنیں۔نمازوں کا قیام اور توحیدِ خالص کا قیام اور اس کے لئے کوشش اُن کو خلافت کے انعام سے فیضیاب کرتی رہے گی۔آیت استخلاف کی نہایت پُر معارف تشریح وتفسیر۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات کے حوالہ سے خلافت کی اہمیت، عظمت اور برکات کا نہایت ہی جامع اور پُر اثر تذکرہ	17رجون	24
3رجون	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُمّتی ہونے کی وجہ سے اور آپؐ کی کامل پیروی اور عشق کی وجہ سے نبوت کا مقام عطا فرمایا۔پھر اپنی تائیدات سے نواز کر آپ کے حق میں نشان دکھا کر ایک دنیا کی توجہ آپ کی طرف پھیری اور یہ سلسلہ جو آپ کے دعویٰ سے شروع ہوا، آج تک چل رہا ہے۔اس فیض سے وہی فائدہ اٹھا رہا ہے جو آپ کے بعد اللہ تعالیٰ سے تائید یافتہ آپ کی خلافت سے منسلک ہے۔آج بھی اللہ تعالیٰ نیک فطرتوں کو آپؑ کی صداقت کے بارے میں رہنمائی فرماتا ہے، فرما رہا ہے اور اس رہنمائی کی وجہ سے لوگ جماعت میں شامل ہوتے ہیں۔اور اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کے بعد آپ کی خلافت بھی برحق ہے، ان لوگوں کو رؤیائے صادقہ کے ذریعہ سے آپ کے ساتھ آپ کے خلفاء کو بھی دکھا دیتا ہے جس سے اُن کا ایمان اور تازہ ہوتا ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک، مختلف رنگ ونسل کے لوگوں کے رؤیائے صادقہ کے ذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور احمدیت کی صداقت کی طرف رہنمائی کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ	24رجون	25
10رجون	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام صرف چودھویں صدی کے مجدد نہیں بلکہ مسیح ومہدی بھی ہیں۔آپ کا اعزاز صرف ایک صدی کا مجدد ہونے کا نہیں بلکہ آخری ہزار سال کا مجدد ہونے کا ہے۔آپ کے ذریعہ سے حدیث کے مطابق خلافت علیٰ منہاج نبوت قائم ہوگی۔تو خلافت ہی اُس کام کو آگے چلائے گی جو تجدیدِ دین کا کام ہے۔ہر خلیفہ اپنے وقت میں مجدد ہی ہوتا ہے کیونکہ وہ اُسی کام کو آگے بڑھا رہا ہوتا ہے جو نبی کا کام ہے، جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کام ہے۔چاہے وہ مجدد ہونے کا اعلان کرے یا نہ کرے۔اگر کبھی دو صدیوں کے سنگم پر اللہ تعالیٰ چاہے تو ایسے مجدد کا مقام کسی بھی خلیفہ کو دے سکتا ہے جو اُس وقت کا خلیفہ ہوگا، وہ اُس سے اعلان کروا سکتا ہے۔مجدد دین ایک وقت میں کئی کئی ہو گئے، بلکہ ہزاروں بھی ہو سکتے ہیں۔جبکہ خلیفہ ایک وقت میں ایک ہی ہوگا۔جب مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ظہور ہو گیا جو چودھویں صدی کے مجدد بھی ہیں اور آخری ہزار سال کے مجدد بھی ہیں تو پھر اُس نظام نے چلنا تھا جو خلافت علیٰ منہاجِ نبوت کا نظام ہے اور جس کے بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ وہ زبردست قدرت ہے۔پس مجددیت اب اُس خاتم الخلفاء اور آخری ہزار سال کے مجدد کے ظہور کے بعد اُس کے ظلّ کے طور پر ہوگی اور حقیقی ظلّ جو ہے وہ نظامِ خلافت ہے	یکم جولائی	26

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		اور وہی تجدید دین کا کام کر رہی ہے اور کرے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔		
27	8/جولائی	اِھْدِنَــــا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ أَنعَمتَ عَلَیْھِمْ کے معنے یہ ہیں کہ جن لوگوں پر کمل اور اتم طور پر نعمتِ روحانی کی بارش ہوئی ہے ان کی راہوں کی ہمیں توفیق بخش کہ تا ہم ان کی پیروی کریں۔سو اس آیت میں یہی اشارہ ہے کہ تم امام الزمان کے ساتھ ہو جاؤ۔صرف اتنا ہی کافی نہیں ہے کہ ہم نے زمانے کے امام کی بیعت کر لی اور بس۔ بلکہ پھر اُس نظام کے ساتھ بھی تعلق جوڑنا ہوگا جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قائم فرمایا ہے اور جس کا بیان آپ نے بڑی وضاحت کے ساتھ 'رسالہ الوصیت' میں فرما دیا کہ وہ خلافت کا نظام ہے۔اِھْدِنَــــا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی دعا صرف حقوق اللہ کی ادائیگی کے لئے نہیں ہے بلکہ حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے بھی یہ دعا ہے۔ ہمیشہ اپنا محاسبہ کرنا اور پھر اگلی منزل کی طرف قدم بڑھانا ہی ایک مومن کا شیوہ اور شان ہے۔انجام بخیر ہونے کے لئے اِھْدِنَــــا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی دعا بھی بہت ضروری ہے۔	مسجد بیت الفتوح	17/جون
28	15/جولائی	آج پھر جرمنی کا ایک اور جلسہ سالانہ دیکھنے اور سننے کی اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرما رہا ہے۔علمی و تربیتی اور روحانی ماحول میں یہ دن گزار کر اپنے دینی علم میں ترقی کریں۔دعاؤں، درود اور استغفار کے ساتھ شیطان کے شر سے بچنے کی کوشش کریں۔جلسہ سالانہ کی مناسبت سے میزبانوں اور مہمانوں کو نہایت اہم نصائح حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے مختلف صحابہ کی روایات کا نہایت ایمان افروز تذکرہ اور اس حوالہ سے احباب کو زرّیں نصائح۔ان روایات میں صحابہ کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے عشق، محبت حضور علیہ السلام کی نصائح، مہمان نوازی، صحابہ کے ساتھ حضور کے تعلق اور کس طرح صحابہ نے اپنے اندر انقلاب پیدا کیا، بہت سے مضامین ہیں۔	مسجد بیت الفتوح	24/جون
29-30	22-29 جولائی	بحیثیت جماعت آج جماعت احمدیہ ہی ہے جس پر چوبیس گھنٹے دن چڑھا رہتا ہے۔اور صرف جماعتِ احمدیہ ہے جس میں بحیثیت جماعت اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کوئی نہ کوئی پروگرام ہر وقت بن رہے ہیں یا پیش کئے جا رہے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ کے ان فضلوں کو گننا اور اُن کا شکر کرنا، اُن کا احاطہ کرنا ہمارے لئے ممکن ہی نہیں ہے۔جلسہ سالانہ جرمنی کے نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد پر اللہ تعالیٰ کے ذکر اور شکرگزاری کی طرف خصوصی توجہ دینے کی نصیحت۔اصل شکر تقویٰ اور طہارت ہی ہے۔اس شکر گزاری کے طریق کو ہم نے اپنانا ہے اور اپنی زندگیوں کا حصہ بنانا ہے۔جماعت احمدیہ کینیڈا اور امریکہ کے جلسہ ہائے سالانہ کے آغاز کی مناسبت سے ان کا تذکرہ اور احباب کو نصائح یہ جلسے بھی ہماری تبلیغ کا ذریعہ بنتے ہیں اس لئے ہر احمدی کو ان دنوں میں خاص طور پر اس سوچ کے ساتھ رہنا چاہئے کہ ہم احمدیت کے سفیر ہیں۔ہمارے نمونے ہیں جو دنیا نے دیکھنے ہیں۔جرمنی میں افراد جماعت میں عمومی طور پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت زیادہ اخلاص و وفا کے جذبات ابھرے ہوئے ہیں۔اللہ تعالیٰ اس اخلاص و وفا کو ہمیشہ بڑھاتا چلا جائے۔غیر از جماعت مہمانوں نے بھی جلسہ سے بڑا اچھا اثر لیا ہے۔بعض مہمانوں کے تاثرات کا تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہاں بڑی اچھی تعداد طلباء و طالبات کی تعلیمی میدان میں آگے نکل رہی ہے۔اس تعلیمی ترقی کو قرآن کریم کی تعلیم کے تابع رکھیں، اسلام کی تعلیم کے تابع رکھیں اور جماعت سے مضبوط تعلق پیدا کر کے اس کے لئے مفید وجود بنیں۔	مسجد بیت الفتوح	یکم جولائی
29-30	22-29 جولائی	بیلجیئم، جرمنی اور ہالینڈ کے حالیہ دورہ کے دوران اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے نئے نئے پہلو نظر آئے۔ جماعت کے تعارف کے نئے راستے کھلے۔اصل میں تو اللہ تعالیٰ ہی راستے کھول رہا ہے۔دنیا میں ہر	مسجد بیت الفتوح	8/جولائی

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		جگہ ایک ہوا چلی ہوئی ہے۔ جماعت کی حقیقی شکر گزاری یہی ہے کہ جو راستے اللہ تعالیٰ کھول رہا ہے اس سے بھر پور فائدے اٹھائیں اور نئے آنے والوں کو سنبھالیں اور اپنی اصلاح کی طرف توجہ دیں۔ جو بیعتیں ہو رہی ہیں، جو نئے آنے والے ہیں ان میں تبلیغ کا بھی بڑا شوق ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں عجیب تسکین کے سامان پیدا فرما رہا ہے اور احمدیت کی سچائی ان پر واضح کر رہا ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں اللہ تعالیٰ کے احمدیت کی سچائی کو دلوں میں ڈالنے کے بیشمار نہایت ایمان افروز واقعات میں سے چند ایک کا روح پرور تذکرہ۔ (مکرم ڈاکٹر سید فاروق احمد صاحب آف برمنگھم، مکرمہ صدیقہ قدسیہ صاحبہ اہلیہ رانا حفاظت احمد صاحب (آف سیالکوٹ) اور مکرم شاہد مرید تالپور صاحب ابن مکرم نور احمد صاحب تالپور (آسٹریلیا) کی وفات پر مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب)		
15/جولائی	مسجد بیت الفتوح	مہمان نوازی مکمل عزت و احترام کے ساتھ ہونی چاہئے۔ اور یہ عزت و احترام اس لئے ہے کہ مہمان کا حق ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ مسافروں کو ان کے حقوق دو، ہم پر فرض عائد کرتا ہے کہ مہمان نوازی کے وصف کو بہت زیادہ اپنائیں۔ صرف یہاں جلسے کے دنوں میں نہیں بلکہ عام طور پر گھروں میں بھی مہمان نوازی احمدی مسلمان کا ایک امتیاز ہونا چاہئے۔ اگر عام مسافروں کا حق اللہ تعالیٰ نے قائم فرمایا ہے تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں سفر کرنے والوں کا تو بہت زیادہ حق ہے کہ ان کو عزت و احترام دیا جائے اور ان کا حق ادا کیا جائے۔ ان مہمانوں کو خاص طور پر ڈیوٹی دینے والے کارکنان کو بہت زیادہ اہمیت دینی چاہئے اور اللہ تعالیٰ کی خاطر سفر اختیار کرنے والے مسیح محمدی کے ان مہمانوں کی حتی المقدور مہمان نوازی کا حق ادا کرنا چاہئے اور اس کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔ ربوہ کے بعد اس وقت لنگر خانے کا سب سے زیادہ وسیع نظام یوکے میں ہی ہے۔ ان مستقل لنگر چلانے والوں کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ تقریباً تمام یا بہت بڑی اکثریت والنٹیئر ز ہیں جو سالوں سے بڑی خوشی سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لنگر کے لئے وقت دے رہے ہیں۔ (حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمان نوازی کے نہایت دلچسپ، ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ اور ان کے حوالہ سے مہمان نوازی کرنے والے کارکنان کو نصائح) مکرم شیخ مبارک احمد صاحب آف لندن کی نماز جنازہ حاضر اور مکرم ملک مبرور احمد صاحب شہید آف نوابشاہ اور مکرمہ رضیہ بیگم صاحبہ آف ربوہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب)	05/اگست	31
22/جولائی	مسجد بیت الفتوح	جب اس جماعت کے افراد کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ کے اور اُس کے رسول کے حوالے سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ خاص طور پر اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور کرنی چاہئے، کیونکہ اس کے بغیر ہم میں اور دوسروں میں کوئی فرق نہیں ہے کہ ہم ایک ہاتھ کے تحت اُٹھنے اور بیٹھنے والے ہیں اور نصیحتوں کو سُن کر اُن پر توجہ دینے والے ہیں۔ اللہ کرے کہ اس خطبہ میں کی گئی باتوں پر بھی آپ عمل کرنے والے ہوں اور اس جلسہ میں جو میری طرف سے یا دوسرے مقررین کی طرف سے علمی، روحانی اور تربیتی مضامین بیان ہوں اُن کو سُن کر یہاں بھی اور بعد میں بھی اپنے گھروں میں جا کر عمل کرنے والے ہوں۔ احادیث نبویہ، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات۔ آپ کے اور آپ کے صحابہ کے عملی نمونوں کے حوالہ سے جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کو خصوصی نصائح۔ کارکنان اور انتظامیہ کے لئے اہم ہدایات	12/اگست	32
29/جولائی	مسجد بیت الفتوح	جلسہ سالانہ پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور بے انتہا احسانات کا ایمان افروز بیان۔ ہماری شکر گزاری اگر اپنی عملی حالتوں کی بہتری کی کوششوں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے مواقع مہیا فرمانے اور بھر پور فائدہ اٹھانے پر ہوگی تو پھر فضلوں کی بارش بھی پہلے سے بڑھ کر ہم اپنے اوپر برستا دیکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے	19/اگست	33

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اس جلسہ میں 96 ممالک کونمائندگی کی توفیق عطا فرمائی۔جلسہ سالانہ کی برکات وکامیابیوں کے متعلق جلسہ میں حاضر ہونے والوں کے تأثرات اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے ہم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خواہشات کو پورا کرنے والے ہوں۔		
5/اگست	مسجد بیت الفتوح	حضرت سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ کا ذکر خیر۔وہ لوگ جو وجہ اللہ میں محو ہوجاتے ہیں وہ نئی زندگی حاصل کرلیتے اور اللہ تعالیٰ کے پیار کی آغوش میں آجاتے ہیں۔میری والدہ کا نمازوں میں انہماک اور مغرب کوعشاء سے جوڑنا اورعشاء گھنٹوں لمبی چلنا میرے سامنے ایک نمونہ ہے۔اے میرے پیارے خدا!تُو میری والدہ سے وہ سلوک فرما جواُس نے اپنی دعا میں تجھ سے چاہا اور ہم جواُن کی اولاد ہیں...... ہمیں بھی اپنی رحمت کی چادر میں لپیٹے رکھنا۔	26/اگست	34
12/اگست	مسجد بیت الفتوح	برکات رمضان اور قبولیت دعا کے متعلق روح پرور ارشادات 'احمدی ہونے کے بعد، بیعت میں آنے کے بعداس روح کواپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرنی ہوگی جوآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا کرنے آئے تھے۔دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی دنیا کے فسادوں کو دور کرنے کے لئے آخری امیدگاہ اور علاج ہے۔آج دنیا کوآفات سے بچانے اوراس کا خدا سے تعلق جوڑنے کی ذمہ داری ہراحمدی پر ہے۔ہماری نمازیں، ہمارے روزے صرف رمضان کے مہینے تک ہی محدود رہنے کے جوش میں نہ ہوں بلکہ اس نیت سے ہوں کہ جوتبدیلی ہم نے پیدا کرنی ہے اسے دائمی بنانا ہے۔دنیا کوآج فسادوں سے بچانے اورتباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کے لئے صرف ایک ہتھیار کی ضرورت ہے اور وہ دعا کا ہتھیار ہے۔	2/ستمبر	35
19/اگست	مسجد بیت الفتوح	عبادت ہی انسان کی پیدائش کا مقصد ہے اوراس مقصد کوحاصل کرنے سے ہی اس کی دنیا وآخرت سنورسکتی ہے۔یہ مقصد خدا کی مدد اور استعانت کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا۔اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں اپنے فرستادہ کو ہماری اصلاح کے لئے بھیج دیا ہے جو اس عبد کامل صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام کے طور پر آیا ہے۔(سورۃ فاتحہ) کی دعا روحانیت میں ترقی ،عبادت کا شوق اور ذوق اور خالص ہوکر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے اور ایمان میں ترقی کا باعث بنتی ہے۔اپنی دعاؤں کا دائرہ وسیع کرو اور اپنی نیتوں میں وسعت پیدا کرو اوراپنے نیک ارادوں میں اپنے بھائیوں کے لئے بھی گنجائش پیدا کرو اور باہم محبت کرنے میں بھائیوں، بیٹوں اور باپوں کی طرح بن جاؤ۔	9/ستمبر	36
26/اگست	مسجد بیت الفتوح	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کی دعااس ثبات قدم اورقوت کے حصول اوراس کاعلم رکھنے کے لئے ہے جومستقل مزاجی سے عبودیت کاحق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے۔اگر دعانہیں کروگے توہدایت کے راستے بھی بند ہو جائیں گے کیونکہ ہدایت بندہ اپنے زور سے حاصل نہیں کرسکتا حقیقی ہدایت پانے والے وہ ہیں جن کی زبان ذکرالٰہی اور دعا سے تر رہے۔سب دعاؤں سے مقدم دعا جس کی طالب حق کو اشد ضرورت ہے طلب صراط مستقیم ہے ہر چیز میں اللہ تعالیٰ کی محبت اپنے دلوں میں پیدا کرو۔جب یہ چیز ہوگی تو پھر تمہاری دنیا بھی دین بن جائے گی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہر کام ہورہا ہوگا۔خالص ہوکر اپنی حالتوں کی درستی کرتے ہوئے اگر بندہ خدا تعالیٰ کے آگے جھکے تو وہی ہے جوتمام حاجتیں انسان کی پوری کرنے والا ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کےحوالہ سے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کی پُر معارف تفسیر کا تذکرہ اوراس حوالہ سے احباب جماعت کواہم نصائح)	16/ستمبر	37
2/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	احمدیت قبول کرنے کے بعدنومبائعین کی پاک روحانی تبدیلیوں کے روح پرور واقعات۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آ کر ہم نے اپنی ذمہ داریوں کوادا کرنا ہے اوراس میں سب	23 ستمبر	38

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
39	30؍ستمبر	سے اہم اور بڑی چیز نمازوں کی ادائیگی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام مسلمانوں کو جمع کرنے اور ایک کرنے آئے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے لوگ بیعت کر کے ایمان میں پختگی حاصل کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ اُن کو ایسے نظارے دکھاتا ہے جن سے مزید ایمان میں مضبوطی پیدا ہوتی ہے۔ جماعت احمدیہ صرف پرانے قصے پیش نہیں کرتی بلکہ آج بھی، اس زمانہ میں بھی، بندے کا خدا سے تعلق جوڑنے کے بیشمار واقعات ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آنے سے، آپ کی تعلیم پر عمل کرنے سے ایک انقلاب کی صورت میں لوگوں میں پیدا ہوئے ہیں۔ سچائی ایک ایسی چیز ہے جو نبی کے سچا ہونے کے لئے اور تبلیغ کے لئے ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔ ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو تبھی پورا کر سکتے ہیں جب اس خُلق کو اپنائیں گے۔ تبھی ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کو دنیا تک پہنچانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ جس سچے اور کامل نبی کے عاشقِ صادق کے ساتھ تم جُڑ گئے ہو یا جڑنے کا دعویٰ کرتے ہو اُس کے ساتھ حقیقت میں جڑنا تو تبھی ہوگا جب کوئی تم پر یہ کہہ کر انگلی نہ اُٹھائے کہ یہ شخص جھوٹا ہے۔ پس ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ احمدیت کی فتح کے لئے سچائی کا ہتھیار ہے جو ہم نے استعمال کرنا ہے اب اسلام کی ترقی احمدیت کی ترقی سے وابستہ ہے لیکن اس ترقی کا حصہ بننے کے لئے اس سچائی کے پھیلانے کے لئے جو احمدیوں کی ذمہ داری ہے اُس کو ادا کرنے کے لئے ہمیں اپنے عمل بھی سچے کرنے ہوں گے۔ اگر ہم نے اُس غلبے کا حصہ بننا ہے جو اسلام کے لئے مقدر ہے انشاء اللہ، اگر ہم نے اُس غلبے کا حصہ بننا ہے جس کا وعدہ اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق کے ساتھ بھی کیا ہے تو پھر ہمیں ہر آن اپنا محاسبہ کرنے کی ضرورت ہے کہ کس حد تک ہم سچے ہیں؟ اپنے گھروں میں، اپنے ماحول میں، اپنے جماعتی معاملات میں، اپنے کاروباری معاملات میں ہمیں جائزے لینے ہوں گے۔ اگر جائزے بے چینی پیدا کرنے والے ہیں تو پھر ہمیں فکر کی ضرورت ہے۔ بیشک احمدیت کا غلبہ تو یقینی ہے انشاء اللہ اور اس غلبے کو ہم ہر روز مشاہدہ بھی کر رہے ہیں، لیکن سچائی کا حق ادا نہ کرنے والے اس غلبے کا حصہ بننے سے محروم رہیں گے۔ اللہ کرے کہ ہم سچائی کے پھیلانے کا یہ روحانی حربہ استعمال کر کے دنیا کے سعید فطرتوں اور نیکیوں کے متلاشیوں کو جمع کر کے ان کے ذریعہ صدق کی ایسی دیواریں کھڑی کرنے والے بن جائیں جس کو کوئی جھوٹی اور شیطانی طاقت گرا نہ سکے۔ اور پھر یہ صدق کا نور جو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ہے وہ نور جو خدا تعالیٰ کے نور کا پرتَو ہے دنیا میں پھیلے اور پھیلتا چلا جائے، انشاء اللہ، اور دنیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہو کر توحید کے نظارے دیکھنے والی بن جائے، اللہ ہمیں اس کی توفیق دے۔ فیصل آباد کے مکرم نسیم احمد بٹ صاحب ابن مکرم محمد رمضان بٹ صاحب کی دردناک شہادت کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب	مسجد بیت الفتوح	9؍ستمبر
40	7؍اکتوبر	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کی دعا اس ثبات قدم اور قوت کے حصول اور اس کا علم رکھنے کے لئے ہے جو مستقل مزاجی سے عبودیت کا حق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے۔ اگر دعا نہیں کرو گے تو ہدایت کے راستے بھی بند ہو جائیں گے کیونکہ ہدایت بندہ اپنے زور سے حاصل نہیں کر سکتا حقیقی ہدایت پانے والے وہ ہیں جن کی زبان ذکر الٰہی اور دعا سے تر رہے۔ سب دعاؤں سے مقدم دعا جس کی طالب حق کو اشد ضرورت ہے طلب صراط مستقیم ہے ہر چیز میں اللہ تعالیٰ کی محبت اپنے دلوں میں پیدا کرو۔ جب یہ چیز ہو گی تو پھر تمہاری دنیا بھی دین بن جائے گی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہر کام ہو رہا ہو گا۔ خالص ہو کر اپنی حالتوں کی درستی کرتے ہوئے اگر بندہ خدا تعالیٰ کے آگے جھکے تو وہی ہے جو تمام حاجتیں انسان کی پوری کرنے والا	مسجد بیت الفتوح	16؍ستمبر

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہے۔(حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کی پُر معارف تفسیر کا تذکرہ اور اس حوالہ سے احباب جماعت کو اہم نصائح)		
23ستمبر	گروس گیراؤ (فرینکفرٹ۔جرمنی)	اللہ تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ ہفتہ لجنہ اماء اللہ جرمنی اور خدام الاحمدیہ جرمنی کے اجتماعات منعقد ہوئے اور ہمیشہ کی طرح اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے دکھانے کا باعث ہوئے۔ ذیلی تنظیمیں یاد رکھیں کہ اگر حقیقت میں اجتماع میں شامل ہونے والوں اور ایم۔ٹی۔اے کے ذریعہ سے سننے والوں پر دنیا میں کہیں بھی کوئی اثر ہوا ہے تو یہ لوہا گرم ہے۔ اس کو اُس مزاج کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں جس مزاج کو پیدا کرنے کے لئے اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق کو بھیجا ہے۔ اگر آپ ان باتوں کی جُگالی نہیں کرتے رہیں گے، اگر ذیلی تنظیمیں میری طرف سے کہی گئی باتوں کی ہر وقت جُگالی نہیں کرواتی رہیں گی تو پھر کچھ عرصہ بعد یہ باتیں، یہ جوش، یہ شرمندگی کے جو اظہار ہیں یہ ماند پڑنے شروع ہو جاتے ہیں۔ جب ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام سے منسوب ہوتے ہیں تو تکمیلِ اشاعتِ ہدایت کی ایک بہت بڑی ذمہ داری ہم پر ڈالی جاتی ہے۔ جماعت جرمنی کو جہاں احمدیت یعنی حقیقی اسلام کا پیغام جرمنی میں پھیلانے کا موقع مل رہا ہے وہاں چین جا کر نمائش میں حصہ لے کر جماعت کے پیغام اور لٹریچر کا سٹال لگا کر چینی زبان میں یہ لٹریچر چینیوں تک پہنچانے کا موقع بھی مل رہا ہے۔ اسی طرح دوسرے ہمسایہ ممالک میں بھی یہ موقع مل رہا ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں اپنے پاک نمونوں، اپنے نیک عملوں، اپنے عہدوں کی تجدید سے اُس انقلاب میں حصہ دار بنیں اور اُن مبارک لوگوں میں شامل ہوں جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشخبری عطا فرمائی تھی کہ آخری زمانہ بھی مبارک ہے۔ پس اس آخری زمانے کے وہی لوگ مبارک ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے مقصد کو پورا کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو آپ کی اُمّت کے بارہ میں خوشخبریاں عطا فرمائی تھیں ان میں وہ مرکزی خوشخبری، وہ بنیادی اہمیت کی چیز جس پر اُمّت کی ترقی کا مدار ہے وہ خلافت ہے۔	14اکتوبر	41
30ستمبر	مسجد بیت النصر۔ (اوسلو ناروے)	الحمد للہ! آج ایک لمبے انتظار کے بعد جماعت احمدیہ ناروے کو اپنی اس خوبصورت مسجد کے افتتاح کی توفیق مل رہی ہے۔ یہ مسجد اس کو آباد کرنے والوں کے لئے بے انتہا فضلوں اور برکتوں کے سامان لے کر آئی ہے۔ اب ان فضلوں اور برکتوں کو سمیٹنا یہاں کے رہنے والوں کا کام ہے۔ ہر سطح کے عہدیداروں کے لئے ضروری ہے کہ اپنی ذمہ داریوں کے حق صحیح طور پر ادا کرنے کی کوشش کریں۔ جہاں مَردوں کے ساتھ عورتیں اپنے عبادتوں کے معیار بلند کریں وہاں وہ خاص حکم جو عورتوں کو ہیں ان پر بھی عمل کرنے کی کوشش کریں۔ ان میں سے ایک اہم حکم پردہ کا ہے۔ مسجد نصر ناروے کی تعمیر کے لئے جماعت احمدیہ ناروے نے قریباً 104 ملین کرونر خرچ کرنے کی سعادت پائی۔ اس مسجد میں 2250 افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔ اللہ کرے کہ یہ مسجد اس علاقہ کے لوگوں کے دل کھولنے کا ذریعہ بنے۔ مسجد کی اصل زینت عمارتوں کے ساتھ نہیں ہے بلکہ اُن نمازیوں کے ساتھ ہے جو اخلاص کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ ہماری مسجدیں اور یہ مسجد بھی ہر جگہ ہمیشہ امن اور محبت اور پیار کا نعرہ بلند کرے گی۔ جس قدر تم آپس میں محبت کرو گے اسی قدر اللہ تم سے محبت کرے گا۔ (مسجد 'بیت النصر' ناروے کے افتتاح کے موقع پر خطبہ جمعہ میں اہم نصائح) مکرم سفیر احمد بٹ صاحب ابن مکرم حمید احمد بٹ صاحب آف کراچی کی شہادت کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب	21اکتوبر	42

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
7/اکتوبر	ہیمبرگ (جرمنی)	جب بھی جماعت پر ابتلا کے دور کی شدت آتی ہے انبیاء کی تاریخ اور سب سے بڑھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کا دور ہمیں استقامت کے نمونے دکھانے کی طرف توجہ دلاتا ہے اور ساتھ ہی اس یقین پر بھی قائم کرتا ہے کہ یہ ابتلا اور امتحان کے دور آئندہ غلبہ کی راہ ہموار کرنے کے لئے آتے ہیں۔ہمیں ایمان میں ترقی کی طرف بڑھاتے چلے جانے کے لئے آتے ہیں۔ہمیں خدا تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مزید مضبوط کرتے چلے جانے کے لئے آتے ہیں۔ہمیں دعاؤں کی طرف توجہ دلانے کے لئے آتے ہیں۔آج پاکستان میں بسنے والا احمدی صرف اپنی جان و مال کے نقصان کی وجہ سے ہی پریشان نہیں ہے یا فکرمند نہیں ہے۔زیادہ بے چین کرنے والی یہ چیز ہے کہ یہ ظالم لوگ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے متعلق انتہائی نازیبا الفاظ میں اشتہار چھاپ کر تقسیم کرتے ہیں۔صبر اور حوصلے کی بڑی عظیم اور نئی داستانیں ہیں جو پاکستان میں رہنے والے احمدی رقم کر رہے ہیں۔پس ان صبر کے جذبات کو نتیجہ خیز بنانے کا ایک ہی ذریعہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے آگے جھک جائیں، دعاؤں سے اپنی سجدہ گاہیں تر کر لیں۔پاکستان میں رہنے والے احمدیوں کو مَیں خاص طور پر توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ دعاؤں کی طرف، صرف عام دعائیں نہیں بلکہ خاص دعاؤں کی طرف پہلے سے بڑھ کر توجہ دیں بلکہ ان دعاؤں کے ساتھ ہفتے میں ایک نفلی روزہ بھی رکھنا شروع کر دیں۔اسی طرح دنیا میں بسنے والے پاکستانی احمدی بھی اپنے پاکستانی احمدی بھائیوں کے لئے بہت زیادہ دعائیں کریں۔اسی طرح دنیا بھر کے احمدی بھی جو پاکستانی نہیں ہیں اپنے پاکستانی احمدی بھائیوں کے لئے بہت دعائیں کریں۔اللہ تعالیٰ ان ظلم کرنے والوں کی جلد صفیں لپیٹ دے تاکہ ملک میں جلد امن وسکون قائم ہو سکے، تاکہ خدا تعالیٰ کے فرستادہ کے متعلق جھوٹ اور مغلظات کے جو طومار باندھے جا رہے ہیں اُن کا خاتمہ ہو اور ملک بچ جائے ورنہ ملک کے بچنے کی کوئی ضمانت نہیں۔اگر سو فیصد پاکستانی احمدی خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے جُھک جائیں تو ان حالات کا خاتمہ چند راتوں کی دعاؤں سے ہو سکتا ہے۔اگر سو فیصد میں انقلاب پیدا نہیں ہوتا تو ہمارے میں سے اکثریت میں یہ انقلاب پیدا ہو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہم پہلے سے بڑھ کر فتوحات کے نظارے دیکھیں گے۔آج ہر احمدی کو مضطر بن کر دعا کرنے کی ضرورت ہے۔دعا سے متعلق بعض اہم آداب کا تذکرہ جنہیں دعا کے وقت پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ہر احمدی خدا تعالیٰ کے آگے جھک جائے، دعائیں کرے یہاں تک کہ عرش الٰہی سے ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد کا حکم جاری ہو جائے۔اپنی راتوں کی دعاؤں سے خدا تعالیٰ کی تقدیر کو جلد تر اپنے حق میں پورا کروانے کی کوشش کرنے والے بنیں۔پاکستان کے موجودہ حالات میں احباب جماعت کو نہایت پُر درد اور پُر تاثیر الفاظ میں دعاؤں کی خصوصی تحریک۔ماسٹر رانا دلاور حسین صاحب شہید آف شیخوپورہ کی شہادت نیز مکرم عبدالجبار صاحب ابن مکرم فضل دین صاحب (ربوہ) اور مکرم ناصر احمد ظفر صاحب ابن مکرم مولانا ظفر محمد ظفر صاحب کی وفات کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب	28/اکتوبر	43
14/اکتوبر	مسجد نورننسپیٹ ہالینڈ	اس زمانے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام اور آپ سے ہدایت پا کر آپ کی جماعت کے افراد ہی ہیں جو اسلام کی نشأۃ ثانیہ اور اس کی تمام دینوں پر برتری ثابت کرنے کا کام کر رہے ہیں۔اور اس وجہ سے چاہے افریقہ ہو، یورپ ہو یا امریکہ ہو یا دنیا کا کوئی بھی علاقہ ہو اسلام کے دفاع کے لئے، نہ صرف دفاع کے لئے بلکہ اسلام کی برتری ثابت کرنے کے لئے احمدی سب سے آگے بے دھڑک کھڑا ہو جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اپنے رسول کی لاج رکھی ہے، اُس کے ناموس کی حفاظت کی ہے، آج بھی کرے گا انشاء اللہ۔ہم کوئی طاقت نہیں رکھتے، نہ ہم کوئی دنیاوی حربہ استعمال کریں گے	4/نومبر	44

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		لیکن جن کے دل زخمی کئے جائیں اُن کی دعائیں اللہ تعالیٰ کے عرش کو ہلا دیتی ہیں اور یہاں تو پھر سوال اللہ تعالیٰ کے حبیب کا ہے۔ یہاں تو ہماری دعاؤں سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی غیرت خود وہ کام دکھائے گی کہ ایسے گھٹیا لوگوں کی خاک کے ذرے بھی نظر نہیں آئیں گے۔ (ہالینڈ کے معروف دشمنِ اسلام کے حوالہ سے زبردست انذار) دنیا میں امن، محبت، بھائی چارے کو قائم کرنے والوں کی تلاش کریں اور پھر انہیں دنیا میں فساد پیدا کرنے والوں سے ہوشیار کریں۔ ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھنے والے اور ایک دوسرے کے مذہب کی عزت کرنے والوں کو جمع کر کے دنیا میں امن قائم کرنے کی مہم چلائیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہمارے کوئی کام دعاؤں کے بغیر نہیں ہوتے۔ خدا تعالیٰ سے خاص تعلق پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ دعاؤں کی طرف بہت توجہ دیں۔ جب اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کے نظارے دکھا رہا ہے، خود سعید فطرت انسانوں کی دنیا میں ہر جگہ رہنمائی فرما رہا ہے اور گھیر گھیر کر جماعت میں شامل کر رہا ہے جو مسیح محمدی کو پہچان کر اُس سے ایک پختہ تعلق جوڑ رہے ہیں تو پھر ہمیں ان مخالفینِ احمدیت کی روکوں اور مخالفتوں اور گالیوں سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ (سچی خوابوں اور رؤیا و کشوف کے ذریعہ احمدیت کی سچائی کی طرف لوگوں کی ہدایت کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ)		
21/اکتوبر	مسجد بیت الفتوح	یورپ کے مختلف ممالک کے دورے کے دوران ہر آن اللہ تعالیٰ کے فضل دیکھے۔ ہمیشہ کی طرح جہاں جماعتوں کے اندر بھی ایمان، اخلاص اور وفا کے نمونے نظر آئے وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے غیروں میں بھی جماعت کا اثر اور غیروں کی جماعت کے ساتھ تعلق بڑھانے اور قائم کرنے کی کوشش اور اسلام کو سمجھنے کی طرف غیر معمولی توجہ بھی پہلے سے زیادہ نظر آئی۔ یورپ کے ممالک جرمنی، ناروے، ڈنمارک، بیلجیم، ہالینڈ کے دورہ کے دوران اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی فضلوں اور نصرت و تائید اور قبولیت اور اسلام کے پیغام کی خواص و عوام میں تشہیر۔ اخبارات، ریڈیو، ٹی وی اور الیکٹرونک میڈیا میں وسیع پیمانے پر اشاعت اور اس کے نیک ثمرات، جماعتی ترقیات اور افراد جماعت کے اخلاص و وفا کے نہایت ایمان افروز واقعات کا اجمالی تذکرہ۔ (مکرمہ خورشید بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری غلام قادر صاحب آف کھیوہ باجوہ کی نماز جنازہ غائب اور مرحومہ کا ذکر خیر)	11/نومبر	45
28/اکتوبر	مسجد بیت الفتوح	ہر چیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کی طرف ہمیشہ جھکے رہنا چاہئے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے جو جماعت قائم فرمائی اور اُس کو یہ اعزاز بخشا کہ وہ پہلوں کے ساتھ ملا دی گئی یہ کوئی معمولی اعزاز نہیں ہے، یہ کوئی معمولی جماعت نہیں ہے۔ اگر ہم نے آپ کی حقیقی جماعت میں سے ہونے کا حقدار کہلانا ہے تو ہمیں اپنی حالتوں کی طرف ہر لحہ اور ہر آن نظر رکھنی ہوگی۔ تم اپنے نمونے قائم کرو تا کہ دنیا سمجھے کہ یہ سلسلہ قائم ہوا ہے جو خدا تعالیٰ سے خاص تعلق جوڑنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دو ہی اہم حکم ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ ان میں راستبازی اور سچائی ہونی چاہئے۔ آج کے دور میں جبکہ جماعت کے خلاف مخالفت بھی شدت کو پہنچی ہوئی ہے ہمیں ہر سطح پر اپنی ذاتی خواہشوں اور اناؤں کو پسِ پشت ڈال کر ایک ہونے کی اعلیٰ ترین مثال قائم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔	18/نومبر	46
4/نومبر	مسجد بیت الفتوح	اس زمانے میں جس جری اللہ نے قرآنِ کریم کی تعلیم کو دنیا میں پھیلانا تھا، قرآنِ کریم کی تعلیم کو دنیا کے ہر باشندے کو اُس کی زبان میں پہنچانا تھا وہ یہی عاشقِ قرآن اور غلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس کا نام حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام ہے۔ آج تک ہم یہ نظارے دیکھ رہے ہیں کہ	25/نومبر	47

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		جب بھی جماعت کو کسی بھی جگہ کسی بھی طریق سے دبانے کی کوشش کی گئی تو اس جری اللہ کی جماعت ایک نئی شان سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بنتے ہوئے ترقی کی نئی منزلیں دکھانے والی بنی۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فضل ہمیشہ اس لئے جماعت کے شاملِ حال ہے کہ جماعت نے اُس مقصد کو پیشِ نظر رکھا جس کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے تھے۔ خلافت کے سائے تلے جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا آپ کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے جماعت قربانیاں دے رہی ہے۔ کاش کہ وہ مسلمان جو حُبِّ پیغمبری کا دعویٰ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اس تقدیر کو سمجھیں اور توحید کے قیام، قرآنِ کریم کی تعلیم کو دنیا میں پھیلانے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت دنیا میں قائم کرنے کے لئے اس جری اللہ کے ساتھ جُڑ کر کام کرنے کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں اور پھر دیکھیں کہ اُن کی کھوئی ہوئی ساکھ کس طرح دوبارہ بحال ہوتی ہے۔ تحریک جدید کے 78ویں مالی سال کے آغاز کا اعلان اس سال تحریک جدید کے مالی نظام میں جماعت نے لاکھ 31ہزار پاؤنڈز کی قربانی پیش کی ہے۔ الحمدللہ۔ جو گزشتہ سال کی وصولی کے مقابل پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے 11لاکھ 62ہزار پاؤنڈز زیادہ ہے۔ صرف ایک سال میں اتنا بڑا اضافہ پہلے کبھی تحریک جدید کے چندوں میں نہیں ہوا۔ یہ اضافہ چندہ دینے والوں کی تعداد میں بھی ہوا ہے اور معیارِ قربانی بھی بہت بڑھا ہے۔ جو لوگ جماعت کو ختم کرنے کی باتیں کرتے تھے وہ آج کہیں نظر نہیں آتے، اُن کے چیلے چانٹے اور اُن کی فطرت رکھنے والے ہی یہ دیکھ لیں کہ کس طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آکر اسلام کی ترقی کے لئے لوگ غربت کے باوجود قربانیاں دے رہے ہیں اور اخلاص و وفا کے نمونے دکھا رہے ہیں۔ جس طرح دنیا کے مالی بحران نے چندے میں کمی نہیں کی، قربانیوں میں کوئی کمی نہیں آئی اسی طرح اللہ کرے کہ یہ مالی بحران ہمارے منصوبوں میں بھی کوئی روک نہ ڈال سکے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں احباب کی غیر معمولی قربانیوں کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔ دنیا بھر میں تحریک جدید کی مالی قربانی میں پاکستان اول، امریکہ دوم، جرمنی سوم اور برطانیہ چوتھے نمبر پر رہے۔ شاملین کی تعداد میں اضافے کے لحاظ سے نائیجیریا دنیا بھر کے ملکوں میں پہلے نمبر پر ہے۔ مختلف پہلوؤں سے نمایاں قربانی کرنے والے ممالک اور اضلاع اور جماعتوں کا تذکرہ۔ دنیا میں مالی بحران کے پیشِ نظر احتیاط کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے جس حد تک ہوسکتا ہے احمدیوں کو کچھ نہ کچھ خشک راشن ضرور گھروں میں رکھنا چاہئے۔ روزنامہ الفضل کے سابق ایڈیٹر، سلسلہ کے بزرگ مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی کی وفات پر مرحوم کا ذکرِ خیر اور نمازِ جنازہ غائب۔		
11/نومبر	مسجد بیت الفتوح	جن مشکلات اور جماعت کے خلاف کارروائیوں اور قانون سازیوں سے خاص طور پر پاکستان کی جماعت اور پھر انڈونیشیا، ملائیشیا کی جماعتیں یا بعض اور مسلم ممالک کی جماعتیں گزر رہی ہیں ان کے پیچھے اس سے زیادہ کامیابیوں اور فتوحات کی نوید اور خوشخبریاں اللہ تعالیٰ ہمیں دے رہا ہے۔ مخالفینِ انبیاء اور الٰہی جماعتوں پر ظلم کرنے والوں کو خدا تعالیٰ ایک مدت تک چھوٹ دیتا ہے پھر ایک روز ضرور پکڑتا ہے۔ پس جب اللہ تعالیٰ کی پکڑ آتی ہے تو پھر کوئی قوت، کوئی طاقت، کوئی عددی اکثریت کام نہیں آتی۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ بیشک اللہ تعالیٰ کے غلبے کے وعدے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو نبھانے اور اُس کے فضلوں کو جذب کرنے کے لئے عبادتوں کی طرف توجہ بھی بہت ضروری ہے۔ اگر ہم محبت اور وفا سے اس قوی اور زبردست خدا کے آگے جھکے رہے تو دشمن کا کوئی مکر، کوئی کوشش جماعت کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اسی لئے مَیں نے گزشتہ دنوں دعاؤں اور عبادتوں اور نفلی روزوں کی خاص تحریک	2/دسمبر	48

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کی تھی کہ اب جو دشمن اپنی تمام تر طاقتوں کے ساتھ احمدیت پر حملہ کر رہا ہے تو اس کا مقابلہ کرنے کے لئے ہمارا سب سے بڑا اور مؤثر ہتھیار یہ دعائیں ہی ہیں۔ اس شدت سے دعائیں کریں کہ دہائی کی طرح آسمان پر پہنچنے والی دعائیں ہوں اور عرش کے پائے ہلیں اور پھر ہم انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات کے جلد نظارے دیکھیں اور دشمن کو نگوسار دیکھیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہام ''بعد 11'' کے حوالہ سے مختلف پہلوؤں کا تذکرہ۔ مکرم چوہدری محمد صادق صاحب ننگلی درویش قادیان اور مکرم احمد یوسف الخابوری آف شام کی وفات اور مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب		
18/نومبر	مسجد بیت الفتوح	گزشتہ خطبہ جمعہ میں جنگ احزاب کے دوران ایک دن دشمن کے لگا تار حملوں کی وجہ سے بعض نمازوں کے جمع کرنے سے متعلق بیان کی گئی روایت کے سلسلہ میں اہم اور ضروری وضاحت۔ جماعتی اداروں کو مختلف روایات کی اشاعت سے متعلق ضروری تحقیق کرنے کی تاکیدی ہدایت۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خالہ محترمہ صاحبزادی امتہ النصیر صاحبہ کی وفات اور مرحومہ کے فضائل حمیدہ اور جماعتی خدمات کا تذکرہ۔ اور اس حوالہ سے افراد جماعت کو ضروری نصائح۔ مکرم مولانا عبدالوہاب احمد صاحب شاہد (مربی سلسلہ) اور مکرم عبدالقدیر فیاض صاحب چانڈیو، (مربی سلسلہ) کی وفات اور مرحومین کا ذکر خیر۔ نماز جمعہ وعصر کے بعد مرحومین کی نماز جنازہ غائب۔	9/دسمبر	49
25/نومبر	مسجد بیت الفتوح	غلامی سے آزادی اور آزادیٔ مذہب وضمیر ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ افریقہ بھی وہ براعظم ہے جس کے اکثر ممالک بڑا لمبا عرصہ محکوم قوم کے طور پر غلام بن کر زندگی گزارتے رہے۔ اس لئے ان ممالک کی یومِ آزادی کی خوشیاں اور جوبلی منانا یقیناً اُن کے لئے بہت اہم ہے اور یہ اُن کا حق ہے۔ اگر نیک نیتی سے، ایمان داری سے، انصاف سے یہ اپنی اس آزادی کا فائدہ اُٹھاتے رہے تو کوئی بعید نہیں کہ آئندہ آنے والے سالوں میں ایک وقت میں براعظم افریقہ دنیا کی رہنمائی کرنے والا ہو۔ ہر قسم کی غلامی سے رہائی انبیاء کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ افریقہ میں جن کو آزادی ملی ہے وہاں جماعت احمدیہ کا، اُن لوگوں کا جو احمدی ہوئے یہ کام ہے کہ اس تعلیم کو عام کریں، اس کو پھیلائیں، زیادہ سے زیادہ لوگوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی میں لائیں تا کہ اُن کو آزادی کی حقیقت معلوم ہو۔ قرآن مجید ،احادیث نبویہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کی روشنی میں غلاموں کی آزادی سے متعلق اسلامی تعلیمات کا جامع تذکرہ۔ بدقسمتی سے آج مسلمان حکمران اور علماء نے عوام کو قسما قسم کے اغلال اور غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے۔ اب مسلمانوں کے وقار اور ہر قسم کے فسادوں سے بچنے کی ایک ہی راہ ہے، ایک ہی راستہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کے احکامات اور تعلیمات پر عمل کیا جائے۔ اور یہ ممکن نہیں ہے جب تک اُس شخص کے انکار سے باز نہیں آتے جسے اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں ہر دو قسم کے حقوق قائم کرنے کے لئے بھیجا ہے۔ اللہ کرے کہ مسلمان ملکوں کے سربراہ بھی اور افریقن ممالک کے سربراہ بھی اور سیاستدان بھی اور فوج بھی جو اکثر انقلاب کے نام پر حکومتوں پر قبضہ کرتی رہتی ہے اور مذہبی لیڈر بھی یا علماء کہلانے والے بھی اس حقیقت کو سمجھ لیں کہ اپنے ہم قوموں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے سے، انصاف پر نہ چلنے سے، دوسروں کے حقوق کی ادائیگی نہ کرنے سے وہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں آئیں گے۔ خدا کی قسم! ہم میں سے ہر احمدی بوٹی بوٹی ہونا تو گوارا کرسکتا ہے لیکن ایسی آزادی اور حق رائے دہی پر تھوکتا بھی نہیں جو ہمیں ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے علیحدہ کر دے۔ ہم نے تو ایسی آزادی پر اُس غلامی کو ترجیح دی ہے جو ہمیں آنحضرت صلی	16/دسمبر	50

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		اللہ علیہ وسلم کی جوتیوں کی خاک بناتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا حقیقی عبد بنا دے۔ ایک دن آئے گا کہ ہماری یہی عاجزی، ہماری یہی غلامی انشاءاللہ تعالیٰ دنیا کو حقیقی آزادی کا نظارہ دکھائے گی۔		
51	23؍دسمبر	اللہ تعالیٰ نے مسلم اُمّہ پر رحم کھاتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق اور اپنے وعدے کے عین مطابق حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کو مسیح موعود اور مہدی معہود بنا کر اس لئے بھیجا ہے کہ فرقوں کا خاتمہ ہو۔ جو مسلمان جماعت احمدیہ میں شامل ہو کر مسیح موعود علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سلام پہنچا رہے ہیں وہ اسلام کے مختلف فرقوں میں سے آ کر فرقہ بندی کو ختم کرتے ہوئے حقیقی اسلام کی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کے لئے ہی جماعت احمدیہ میں شامل ہوتے ہیں۔ اس زمانہ کے حَکَم وعدَل حضرت مسیح موعود ومہدی معہود علیہ السلام کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء راشدین، صحابہ کرام اور حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہم کے مقام ومرتبہ سے متعلق نہایت بصیرت افروز اور حکیمانہ ارشادات کا تذکرہ۔ یہ ہے وہ خوبصورت اور انصاف پر مبنی تعلیم اور مسلمانوں کو ایک ہاتھ پر جمع کرنے اور فرقہ بندی کو ختم کرنے کی تعلیم جو اللہ تعالیٰ کے اس بھیجے ہوئے اور فرستادے نے ہمیں دی ہے جو اس زمانے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا غلامِ صادق بن کر صلح اور سلامتی کا پیغام لے کر آیا تھا۔ خدا کرے کہ مسلم اُمّہ اس پیغام کو سمجھے اور فرقہ بندیوں اور فسادوں اور ایک دوسرے کے قتل وغارت سے بچے تا کہ اسلام ایک نئی شان سے دنیا کے کونے کونے تک اپنی چمک اور دمک دکھائے۔ مسلمان ملکوں کی عمومی حالت اور فسادات سے بچنے کے لئے بھی بہت زیادہ دعا کریں۔ دنیا کی عمومی معاشی حالت بھی بے چینیاں پیدا کر رہی ہے۔ ایک تیسری بڑی گھمبیر صورتحال جو پیدا ہو رہی ہے اور ہونے والی ہے وہ بظاہر جو لگ رہا ہے کہ دنیا عالمی جنگ کی طرف بھی بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ ہمیں ان دنوں میں بہت زیادہ دعائیں بھی کرنی چاہئیں اور ہر قسم کی احتیاطی تدابیر بھی کرنی چاہئیں۔	مسجد بیت الفتوح	2؍دسمبر
52	30؍دسمبر	ہمیں اپنی دعاؤں کا محور صرف اور صرف احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی ترقی کو بنانا چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی جلد پکڑ کرے جو خدا اور اسلام کے نام پر ظلموں کی انتہا کئے ہوئے ہیں۔ مختلف ممالک میں قرآن مجید کی جو نمائشیں لگائی جا رہی ہیں ان کے نیک اثرات اور معاندین احمدیت مُلّاؤں کی شرارتوں اور فتنہ انگیزیوں کا تذکرہ۔ ہالینڈ میں مخالف اسلام خیرت وِلڈر کا جماعت کے خلاف وزارت داخلہ کو خط اور اس پر وزیر داخلہ کے جواب کا تذکرہ۔ پوپ کے نام حضور ایدہ اللہ کا خط اور تمام مذاہب عالم کو آپس میں تعاون کرتے ہوئے امن کے قیام کے لئے کوششیں کرنے کی طرف توجہ دینے کی تحریک۔ پادری مارٹن کلارک کے پڑپوتے کی حضور ایدہ اللہ سے ملاقات اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کا اظہار۔ مریم خاتون صاحبہ اہلیہ مکرم محمد ذکری صاحب آف چوبارہ ضلع لیہ کی شہادت۔ مکرمہ عظیم النساء صاحبہ اہلیہ مکرم بہادر خان صاحب درویش قادیان، مکرم سلیمان احمد صاحب مرحوم مبلغ انڈونیشیا اور مکرم الحاج ڈی ایم کالوں صاحب آف سیرالیون کی وفات اور مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	مسجد بیت الفتوح	9؍دسمبر

خطابات، پیغامات، درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
جلسہ سالانہ قادیان 2010ء کے آخری روز سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا لندن سے براہ راست نہایت پُرشوکت اختتامی خطاب۔	مسجد بیت الفتوح	جماعت احمدیہ کی مخالفت میں جو شدت ہے وہ اسی وجہ سے ہے کہ یہ الٰہی جماعت ہے۔قرآن کریم نے ہمیں بتادیا ہے کہ الٰہی جماعتوں کے ساتھ یہ سب کچھ ہوتا ہے لیکن آخری نتیجہ الٰہی جماعتوں کے حق میں ہی نکلتا ہے۔ہمیں دنیاوی حکومتوں اور دنیاوی وجاہتوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔غرض ہے تو صرف اس بات سے کہ بندے اور خدا کا تعلق پیدا ہو جائے اور دوسرا یہ کہ خدا کے بندے ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے والے بن جائیں۔حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو حسین تعلیم لائے تھے اس پر عمل کرنے والے بن جائیں۔اس کے لئے ہم کوشش کرتے ہیں اور کرتے چلے جائیں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔مغلوب ہونا تو مخالفین احمدیت کا مقدر ہے اور نصرت الٰہی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کے ساتھ ہے، ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گی۔لیکن اس نصرت کے آنے کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے شرط رکھی ہے۔آج ہر احمدی کا یہ کام ہے کہ اس شرط کو پورا کرنے کی فکر میں رہے اور وہ شرط ہے تقویٰ۔اللہ تعالیٰ دین کی تائید و نصرت کرتا ہے مگر وہ نصرت تقویٰ کے بعد آتی ہے۔دنیا کے مختلف ممالک میں اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے نہایت ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔ایم ٹی اے کے ذریعہ لندن اور قادیان کے مناظر بیک وقت تمام دنیا میں دکھائے گئے۔	7/جنوری	1
	21/اپریل 2008ء	غانا میں اکرا مشن ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کا اردو ترجمہ	4/فروری	5
15/فروری 2009ء کو جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ کے اختتامی اجلاس سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ محمود ہال لندن سے براہ راست	محمود ہال۔مسجد فضل لندن	بنگلہ دیش کے جلسہ سے میرا پہلا براہ راست مخاطب ہونا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتے ہوئے ایسے راستوں کی خوشخبریاں دے جو راستے کی تمام روکوں سے صاف ہو۔اللہ تعالیٰ وہ موقع بھی لائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ضرور لائے گا جب خلافت احمدیہ دنیا کے تمام ملک، کیا مشرق اور کیا مغرب، کیا شمال اور کیا جنوب میں عزت و احترام سے دیکھی جائے گی اور اس کی پذیرائی ہوگی۔اپنے قادر و توانا خدا سے ایسا دل لگائیں جس کے مقابلے میں سب رشتے ہیچ ہوں۔اگر ہم یہ تعلق اپنے پیدا کرنے والے خدا سے قائم کرلیں گے تو حقیقت میں یہی ہماری کامیابی کا دن ہوگا۔خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ دینا ہماری ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے۔بنگلہ دیش کی جماعت ان خوش قسمت جماعتوں میں سے ہے جس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کی جماعت کے لئے تائیدات کے نظارے خود دیکھے ہیں۔آپ میں سے ہر ایک گواہ ہے کہ دشمن کے جو منصوبے تھے وہ دھرے کے دھرے رہ گئے۔اس سیاہ آندھی میں سے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کی بدلیاں بھیجیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا پانی برسایا اور فضا صاف ہوگئی۔ہر مخالفت کے بعد	11/فروری	6

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
ولولہ انگیز خطاب		جماعت ایک نئی شان سے ابھر کر سامنے آتی ہے۔ یہ صرف بنگلہ دیش کی بات نہیں، دنیا کے ہر خطہ اور ہر ملک میں اللہ تعالیٰ اپنے فضلوں کی بارش اسی طرح برسا تا رہاہے اور برسا رہا ہے۔ ہم محبتوں کے پیغامبر ہیں۔ پس اس پیغام کو اپنے ملک کے کونے کونے میں پھیلا دیں۔ دعوت الی اللہ کے کام میں حکمت کے ساتھ ایک نئی روح پھونک دیں۔		
جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ کے اختتامی اجلاس سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا MTA کے ذریعہ نہایت ایمان افروز اور ولولہ انگیز براہ راست خطاب جو 7رفروری 2010ء کو محمود ہال لندن سے ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ اکناف عالم میں دیکھا اور سنا گیا۔	7رفروری 2010ء کو محمود ہال لندن	جلسے کا فائدہ تبھی ہوتا ہے جب نیکی کی باتیں سن کر اپنے اندر اور اپنے اہل وعیال کے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے کے لئے ایک غیر معمولی جوش پیدا ہو۔ جہاں اپنا مضبوط تعلق جماعت سے قائم کریں وہاں اپنی اولاد کی بھی اس رنگ میں تربیت کریں کہ کبھی ان کی نفسانی خواہشات انہیں جماعت سے دور لے جانے والی نہ بنیں۔ ہم دنیاداروں کی نظر میں کمزور ہیں لیکن سب طاقتوں کے مالک خدا نے حضرت مسیح موعودؑ سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ''مَیں تیرے ساتھ اور تیرے تمام پیاروں کے ساتھ ہوں'' پس جس کے ساتھ خدا ہو اس کو فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ بنگلہ دیش میں جماعت پر ظلموں کی داستان لمبی ہے۔ فصلیں جلائی گئیں۔ شہید کئے گئے لیکن ان شہادتوں نے جماعت کے ایمانوں کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے کمزور نہیں کیا بلکہ بنگلہ دیش جماعت ایمان میں پہلے سے بڑھ کر ترقی کی منازل طے کرنے لگی۔ ہمیشہ اپنے سچے جذبوں کو، اپنے محبت کے جذبوں کو زندہ رکھیں اور انہیں کبھی مرنے نہ دیں۔ پیار اور محبت کے پیغام کو اپنے ملک کے کونے کونے تک پھیلا دیں۔	18رفروری	7
اختتامی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ	28ردسمبر 2010ء برموقع جلسہ سالانہ قادیان 2010ء از طاہر ہال مسجد بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)	جماعت احمدیہ کی مخالفت میں جو شدت ہے وہ اسی وجہ سے ہے کہ یہ الٰہی جماعت ہے۔ قرآن کریم نے ہمیں بتا دیا ہے کہ الٰہی جماعتوں کے ساتھ یہ سب کچھ ہوتا ہے لیکن آخری نتیجہ الٰہی جماعتوں کے حق میں ہی نکلتا ہے۔ ہمیں دنیاوی حکومتوں اور دنیاوی وجاہتوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔ غرض ہے تو صرف اس بات سے کہ بندے اور خدا کا تعلق پیدا ہو جائے اور دوسرا یہ کہ خدا کے بندے ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے والے بن جائیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو حسین تعلیم لائے تھے اس پر عمل کرنے والے بن جائیں۔ اس کے لئے ہم کوشش کرتے ہیں اور کرتے چلے جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مغلوب ہونا تو مخالفین احمدیت کا مقدر ہے اور نصرت الٰہی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کے ساتھ ہے، ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ لیکن اس نصرت کے آنے کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے شرط رکھی ہے۔ آج ہر احمدی کا یہ کام ہے کہ اس شرط کو پورا کرنے کی فکر میں رہے اور وہ شرط ہے تقویٰ۔ اللہ تعالیٰ دین کی تائید ونصرت کرتا ہے مگر وہ نصرت تقویٰ کے بعد آتی ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے نہایت ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔ (جلسہ سالانہ قادیان کے آخری روز سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا لندن سے براہ راست نہایت پُرشوکت اختتامی خطاب۔)	25رفروری	8
(خطاب برموقع اختتامی اجلاس، سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ یوکے	بتاریخ 26راکتوبر 2008ء۔ بمقام اسلام آباد، یوکے)	انصار اللہ کو عبادت کا حق ادا کرنے والا ہونا چاہئے۔ جب آپ کہتے ہیں نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے مددگار ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم لوگ کامیاب ہو جاؤ گے۔ پس ہم میں سے ہر ایک کو یہ عہد کرنا چاہئے کہ ہم فلاح کے راستے تلاش کرتے چلے جائیں اور ان راستوں پر قدم مارتے چلے جائیں۔ پس اطاعت کے نمونے دنیا کو دکھا دیں۔ اخلاص کے نمونے دنیا کو	4رمارچ	9

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطاب
		دکھادیں۔خلافت کے لئے ہر قربانی کے لئے ہر وقت تیار رہنے کے نمونے دنیا کو دکھادیں۔تبلیغ کے نمونے بڑی شان سے دنیا کو دکھادیں۔تربیت کے نمونے پہلے سے بڑھ کر اپنے گھروں میں قائم کریں۔دعا اور عبادت کی طرف پہلے سے بڑھ کر توجہ کرنے والے ہوں۔اصل اصول یہ ہے اور اس کو پکڑے رکھیں کہ اخلاص ،وفا،اطاعت اور کامل فرمانبرداری دکھاتے ہوئے انصاراللہ نے آگے بڑھتے چلے جانا ہے۔		
10	11/مارچ	احمدی عورت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت کی کما حقہ کوشش کرے۔نیز اس کا خداتعالیٰ سے تعلق،اس کی عبادات کی نگرانی اور نیکیوں کی طرف اس کی توجہ کروائے تا پختہ عمر ہونے تک اس کا ہر عمل ،عملِ صالح اور پکّا ہو جائے۔جو عورت غیب میں اپنے خاوند کے حقوق کی حفاظت نہیں کرتی وہ خدا کی خوشنودی حاصل نہیں کرسکتی۔اسی طرح بیٹیوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی عصمت اور تقدس کی حفاظت کریں اور اپنے ماں باپ کی عزت پر حرف نہ آنے دیں۔یاد رکھیں کہ ہر احمدی ایک داعی الی اللہ ہے اور اس کا کوئی عمل دوسروں کی ٹھوکر کا باعث نہیں بننا چاہئے۔جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر 30 جولائی 2010ء بروز ہفتہ بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن۔یوکے) سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے خطاب اور نہایت اہم نصائح	بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن۔یوکے)	30 جولائی 2010ء بروز ہفتہ جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر حضور انور کا خواتین سے خطاب اور نہایت اہم نصائح
11	18/مارچ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے	فرمودہ 28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	(خطاب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ
11	18/مارچ	رجسٹر روایات صحابہ سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے بعض صحابہ کی نہایت دلچسپ اور ایمان افروز روایات کا تذکرہ۔ان روایات سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مقام پر بھی روشنی پڑتی ہے اور ان صحابہ کی پاک فطرت اور دین کی حقیقت اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام جاننے کی جستجو کا بھی پتہ چلتا ہے۔	3/اکتوبر 2010ء کو اسلام آباد (ٹلفورڈ)	(مجلس انصاراللہ برطانیہ کے سالانہ اجتماع 2010ء کے موقع پر میں حضور انور کا اختتامی خطاب)
12	25/مارچ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (دوسری قسط)	فرمودہ 28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	(خطاب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ
12	25/مارچ	مخالفین کا یہ وہم ہے کہ وہ کسی احمدی کو بھی ایمان سے پھرا سکیں گے۔لاہور کی شہادتوں کے بعد نوجوانوں اور نومبائعین میں پہلے سے زیادہ ایمان اور یقین پیدا ہوا ہے۔قرآن مجید،احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہامات اور پیشگوئیوں کے حوالہ سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کے متفرق دلائل اور نشانات کا تذکرہ اے نفرتوں کے شرارے پھیلانے والو!تم وہ لوگ ہو جو ظلمتوں کے پجاری ہو اور نور سے دور ہو۔الٰہی جماعت کے خلاف نفرتوں کے تیر چلانے کی جس مہم میں تم مصروف ہو یہ یقیناً تمہیں خدا کی پکڑ میں گرفتار کرے گی۔تم پر بہت کھل کر اتمام حجت ہو چکی ہے۔خدا کی لاٹھی بے آواز ہے اس سے ڈرو۔قرآنی دلائل ،آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاکیزہ ارشادات،عقلی دلائل،زمینی و آسمانی نشانات،اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادتیں اور آج تک ان کا جاری تسلسل تمہاری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہونا چاہئے۔آج جبکہ فتنہ وفساد اور مخالفت کی آندھیاں زور دکھا رہی ہیں ہر احمدی مرد،عورت،جوان ،بوڑھا،بچہ اپنے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعاوی اور صداقت پر مزید	یکم اگست 2010ء کو حدیقۃ المہدی (آلٹن)	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ یوکے 2010ء

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
اختتامی خطاب جلسہ سالانہ یوکے 2010ء	کیم اگست 2010ء کو حدیقۃ المہدی (آلٹن)	مضبوطی پیدا کرنے کے لئے دعا کرے۔ اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں ایمان میں پہلے سے بڑھاتا چلا جائے۔ شہداء کے لئے دعا کریں کہ انہوں نے جو عظیم قربانیاں دے کر ایک نئی روح ہمارے دلوں میں پھونکی ہے اس کو ہمیشہ جاری رکھیں اور اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرتا چلا جائے۔ (اختتامی خطاب کی دوسری اور آخری قسط)	کیم اپریل	13
(خطاب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ	فرمودہ 28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (تیسری قسط)	کیم اپریل	13
(خطاب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ	فرمودہ 28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (چوتھی قسط)	8/اپریل	14
جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ سے براہ راست افتتاحی خطاب)	6 فروری 2011ء بروز اتوار طاہر ہال بیت الفتوح لندن	مَیں بنگلہ دیش میں خاص طور پر جماعتی نظام کو بھی اور ذیلی تنظیموں کو بھی کہتا ہوں کہ اپنے پروگراموں میں تیزی پیدا کریں، ایک جامع پروگرام بنائیں اور دعوت الی اللہ کے کام کو ملک میں کونے کونے میں پھیلا دیں اگر اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا ہے تو پہلے ہمیں اپنی عملی حالت درست کرنی ہوگی۔ ہر احمدی کو اپنے آپ کو احمدیت کا سفیر سمجھنا ہوگا۔ اعمال، اس تعلیم کے مطابق ڈھالنے ہوں گے جس کا ہم پرچار کر رہے ہیں۔ اور وہ تعلیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری شرعی کتاب قرآنِ کریم ہے جس کے آنے سے شریعت کامل ہوئی۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ افراد کے نیک اعمال کا مجموعہ جماعت کی مضبوطی بڑھائے گا۔ اور جب یہ نیک اعمال کامل فرمانبرداری سے ایک ہاتھ کے اشارے پر اٹھتے بیٹھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والے ہوں گے تو ایک انقلاب دنیا میں پیدا کرنے والے بن جائیں گے۔ مَیں نظام جماعت اور تمام ذیلی تنظیموں کو کہتا ہوں کہ اپنی ذمہ داری کو سمجھیں اور اپنی امانت کا حق ادا کریں۔ صرف افراد جماعت سے کامل اطاعت کی امید نہ رکھیں بلکہ اپنے فرائض بھی احسن طریق پر ادا کرنے والے ہوں۔ دعوت الی اللہ کا کام کئی گنا بڑھ سکتا ہے۔ اپنے تبلیغ کے نظام کو مربوط کرنے کی ضرورت ہے۔	8/اپریل	14
(خطاب حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ	فرمودہ 28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (پانچویں قسط)	15/اپریل	15
جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء کے موقع پر خواتین سے خطاب۔	فرمودہ 26/جولائی 2008ء بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن۔ یوکے)	بعض معاشروں اور خاندانوں میں عورت کو بالکل ایک حقیری چیز سمجھا جاتا ہے۔ مغرب جو آج عورت کی آزادی کا علمبردار بنا پھرتا ہے یہاں بھی چند دہائیاں پہلے تک عورت کی کوئی حیثیت نہیں تھی۔ اسلام کی تعلیم میں جو عورت پر بعض کاموں کی پابندیاں ہیں اس لئے نہیں کہ یہ کام وہ کر نہیں سکتی یا اس کے حقوق سلب کئے جائیں بلکہ اس لئے کہ خدا تعالیٰ نے مرد اور عورت کے کاموں میں تقسیم کر دی ہے۔ لیکن حقوق کے لحاظ سے دونوں برابر ہیں۔ جس پہلو سے بھی دیکھیں اسلام عورت کے حق کی حفاظت کرتا ہے کسی دوسری شریعت میں اس حد تک عورت کے حقوق کی حفاظت نہیں کی گئی۔ (قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے عورتوں کے ارفع مقام اور ان کے مختلف حقوق کا نہایت اہم اور پُر تاثیر بیان) ہر احمدی عورت ہمیشہ یاد رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے احسانوں کی شکرگزاری کا حق ادا کرنے		

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کے لئے ہم نے قرآن کریم کی تعلیم کو اپنے اوپر لاگو کرنا ہے، اپنے گھروں میں رائج کرنا ہے، اپنی نسلوں میں جاری رکھنا ہے۔ دین کے معاملہ میں ہمیشہ ایک احمدی عورت کو غیرت دکھانی چاہئے۔		
(خطاب حضرت مصلح موعودؓ	28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (چھٹی قسط)	22/اپریل	16
(خطاب حضرت مصلح موعودؓ	28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (ساتویں قسط)	29/اپریل	17
(خطاب حضرت مصلح موعودؓ	28/دسمبر 1927ء برموقع جلسہ سالانہ)	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کارنامے (آٹھویں اور آخری قسط)	6/مئی	18
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام	پیغام مجلس مشاورت پاکستان	آپ جن پریشانیوں اور تکلیفوں کا سامنا کرتے ہیں وہ ہر وقت مجھے متفکر رکھتی ہیں۔ ہر جمعہ کا دن جب تک آپ کی طرف سے خیر کی خبر نہ آجائے بے چین گزرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ دشمنوں کے شر ان پر الٹائے۔ اے مسیح پاک کے پیارو! یہ نہ سمجھو کہ تم اکیلے ہو بلکہ ایک دنیا کی دعائیں تمہارے ساتھ ہیں۔ آج اگر قربانیوں کے لئے تمہیں خدا تعالیٰ نے چنا ہے تو انعامات کے بھی تم ہی مورد بننے والے ہو۔ ممبران مجلس مشاورت پاکستان 2011ء کے نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دلگداز پیغام	13/مئی	19
جلسہ سالانہ یو۔کے 2008ء کے موقع پر افتتاحی خطاب۔	فرمودہ 25 جولائی 2008ء	ہر احمدی کو یاد رکھنا چاہئے کہ آج ہم جب یہ اعلان کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہم ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ آج اگر کوئی جماعت اس دنیا میں ہے جس میں وحدت نظر آتی ہے تو وہ جماعت احمدیہ ہے تو ہمیں ان برائیوں کو جو بنیادی برائیاں ہیں دُور کرنا ہوگا اور ان کو دُور کرنا ضروری ہے۔ اور ان تمام نیکیوں کو اپنانے کی کوشش کرنا بھی ضروری ہے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے۔ ہر احمدی یہ عہد کرے کہ ہم نے تقویٰ پر چلتے ہوئے آپس کے تعلقات کو بھی مضبوط کرنا ہے۔ پیار محبت اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرنی ہے۔ ایک دوسرے کی غلطیوں اور لغزشوں کو بخشنا ہے۔ بدظنیوں سے اپنے آپ کو بچانا ہے تا کہ وہ وحدت پیش کر سکیں جس کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے تھے۔ اور اس انعام سے فیضیاب ہو سکیں جو خلافت کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیا ہے تو اس وحدت کی برکت سے ہمیں نقصان پہنچانے کی دشمن کی ہر کوشش خود بخود ناکامیوں اور نامرادیوں میں بدل جائے گی۔	10/جون	23
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب	3/اپریل 2010ء کو جلسہ سالانہ سپین کے موقع پر	جو شخص نیکیوں کو پھیلانے اور برائیوں کو روکنے کے لئے آگے قدم نہیں بڑھارہا وہ خیرِ اُمّت کا حصہ دار کس طرح بن سکتا ہے۔ خدا کے محبوب بننے کے واسطے صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی ہی ایک راہ ہے اور کوئی دوسری راہ نہیں ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوہ حسنہ اور ارشادات کے حوالہ سے میاں بیوی کے تعلقات، تحمل، انصاف، امانت، عہد کی پابندی، عورتوں کے حقوق اور ان سے حسن سلوک، ہمسائے کے حقوق، عیوب کی پردہ پوشی، سچائی کو اختیار کرنے اور جھوٹ سے پرہیز وغیرہ متفرق معاشرتی امور کے بارہ میں نہایت اہم نصائح۔	17/جون	24
مجلس اطفال الاحمدیہ برطانیہ کی سالانہ ریلی کی اختتامی تقریب میں اطفال سے خطاب	(منعقدہ 24 اپریل 2011ء)	جب آپ نماز کی باقاعدہ عادت ڈال لیں گے تو خدا تعالیٰ سے آپ کا تعلق مضبوطی سے قائم ہو جائے گا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور دینی لگاؤ پیدا ہوگا۔ یہ نہ سمجھیں کہ ابھی ہم بچے ہیں۔ یہ وقت بہت اہم ہے۔ جس طرح آپ تعلیم حاصل کرتے ہیں جس پر آپ کے مستقبل کا انحصار ہے اسی طرح نہایت ضروری ہے کہ ابھی سے خدا تعالیٰ سے آپ کا مضبوط تعلق پیدا ہو جائے۔ اِس عمر میں نماز، تلاوت اور نوافل کی عادت ڈالنی شروع کریں گے تو آپکی	24/جون	25

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطاب
26	یکم جولائی	روحانی ترقی عمل میں آئے گی۔آنحضرت ﷺ کے وقت میں چھوٹے چھوٹے بچے نیکیوں میں حصہ لیتے تھے۔حضرت علیؓ،حضرت زید بن حارثہ،حضرت زبیر بن العوام اور حضرت معوذ اور معاذ رضی اللہ عنہم کی مثالوں کا تذکرہ تیرہ چودہ سال کی عمر میں آپ میں سے بعض اپنے ماحول سے متاثر ہوکر آزادی چاہتے ہیں مگر یاد رکھیں کہ یہ آزادی خدا تعالیٰ کے احکام کے خلاف نہیں ہونی چاہئے۔آپ احمدیت کے مستقبل کے رہنما ہیں۔آپ کو اس کا ثبوت فراہم کرنا چاہئے اور اسی عمر سے آپ اس کی تربیت حاصل کریں۔ اسلامی تعلیمات کو سمجھنے کے لئے سب سے اہم ذریعہ تعلیم قرآن کریم ہے۔روزانہ باقاعدہ تلاوت قرآن کریم اور پھر ترجمہ سمجھنا،نوٹس بنانا،تفسیر کو پڑھنا چاہئے۔تفسیر قرآن کریم اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں مہیا ہے۔اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب پڑھیں۔اگر آپ ان ذرائع سے علم حاصل کریں گی تو یہ آپ کی تربیت کا ذریعہ بن جائے گا۔اللہ تعالیٰ سے جب تک تعلق پیدا نہ ہو کوئی تعلیم کام نہیں آئے گی۔تعلیم برائے تعلیم بے مقصد ہے جب تک تضرّع سے کی گئی دعا ساتھ نہ ہو۔آپ کے عمل ایسے ہوں کہ آپ مشعل کی طرح چمکیں اور روشنی پھیلائیں۔اگر یہ ہوگا تو آپ میری اور آئندہ خلفاء کی فکر دُور کرنے والی ہوں گی کہ آئندہ نسلیں محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔چھوٹی بچیاں جس طرح اسکول کا دیا ہوا نصاب یاد کرتی ہیں اسی طرح دین سیکھنے کے لئے بھرپور کوشش کریں۔نماز کبھی نہ چھوڑیں۔قرآن کریم روزانہ پڑھیں۔والدین کا کہنا ہمیشہ مانیں۔دوسرے بہن بھائیوں کے لئے نمونہ بنیں۔تربیتی کلاسوں وغیرہ میں واضح طور پر محسوس ہو جائے کہ آپ کے اخلاق اعلیٰ معیار کے ہیں۔(جماعت احمدیہ UK کے زیر اہتمام منعقدہ واقفات نو برطانیہ کے ایک روزہ اجتماع میں سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بابرکت شمولیت اور اختتامی خطاب میں واقفات نو کو نہایت اہم زرّیں نصائح)	طاہر ہال۔بیت الفتوح	اجتماع واقفات نو برطانیہ
27	8/جولائی	مغرب ہو یا مشرق ہر ملک نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کا نشان دیکھا۔آپؑ کی زندگی کے بعد آپ کے خلفاء اور غلاموں کے ذریعہ بھی نشانات ظاہر ہو رہے ہیں۔خلافت احمدیہ کا قیام خود ایک عظیم نشان ہے۔100 سال سے خدا تعالیٰ نے خلافت احمدیہ کو نہ صرف قائم رکھا بلکہ مضبوط سے مضبوط تر کیا۔خلافت احمدیہ کی پہلی صدی مکمل ہونے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنے کا کام ختم نہیں ہو گیا بلکہ نئی صدی ہماری ذمہ داریاں بڑھا رہی ہے اس لئے پہلے سے زیادہ درود بھیجیں۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو محسن انسانیت ثابت کر کے ساری دنیا کو ہم نے درود بھیجنے والا بنانا ہے تاکہ ساری دنیا اللہ کی رحمتوں کی وارث ہو۔دعاؤں کے ساتھ اور درود بھیجتے ہوئے پہلے سے بڑھ کر آنحضرت ﷺ کے پیغام کو پہنچانا ہمارا فرض ہے۔ خدا اپنے وعدوں کے مطابق مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تمام مخالفین کو نابود کر دے گا۔ یہ صدیوں کی نہیں بلکہ دہائیوں کی بات ہے۔	(حدیقۃ المہدی (آلٹن) 27/جولائی 2008ء	جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء کے موقع پر اختتامی خطاب
28	15/جولائی	ایک احمدی عورت،ایک احمدی لڑکی جو مستقبل کی احمدی نسل کی ذمہ دار ہے اس کا کام ہے کہ ہر نیکی کی بات کو سن کر اپنی زندگی کا حصہ بنانے کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرنے کی کوشش کرے اور اس کے لئے سب سے اہم نسخہ جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے اس کے آگے جھکنا اس	سینٹر۔کینیڈا 28/جون 2008ء	جلسہ سالانہ کینیڈا 2008ء کے موقع پر خواتین سے خطاب

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کی عبادت کرنا اس سے دعائیں مانگنا ہے۔ عبادت کے جو طریق خدا تعالیٰ نے ہمیں بتائے ہیں اُن میں سب سے اہم نماز ہے۔ عورت کو اپنے خاوند کے گھر کا نگران بنایا گیا ہے، بچوں اور بچیوں کی تربیت کرنا اس لحاظ سے ماں کا فرض ہے۔ ماؤں نے لڑکوں کی تربیت بھی کرنی ہے۔ انہیں بھی اچھے اور بُرے کی پہچان سکھانی ہے۔ بعض بچے غلط قسم کی صحبت میں جا کر برباد ہو رہے ہیں اور ماں باپ ان کی حرکتوں پر پردہ ڈالتے ہیں۔ ہر گھر میں قرآن کریم کے پڑھنے کو رواج دینا اور اس کا مطلب سمجھنا، ترجمہ پڑھنا اور پھر اس پر عمل کرنا جس سے حقیقی تعلیم اور تربیت کا مقصد پورا ہو سکے یہ ضروری ہے۔		
(لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے سالانہ اجتماع بتاریخ 3ر اکتوبر 2010ء کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ولولہ انگیز خطاب)	بمقام اسلام آباد (یوکے)	اسلام نے وہ عورتیں پیدا کی ہیں جو مردوں کے شانہ بشانہ قربانیاں دیتی چلی گئیں۔ توحید کے قیام و استحکام کے لئے اپنے پیچھے وہ نمونے چھوڑ گئیں جو ہمارے ایمانوں میں مضبوطی پیدا کرنے کا ہمیشہ باعث بنتے چلے جائیں گے۔ جنگ ٹھونسی گئی تو جنگی حالات میں عورتوں نے اپنا کردار ادا کیا۔ نظام جماعت کو بہترین مشورے بھی دیئے۔ صحابیات نے علمی کارنامے بھی انجام دیئے۔ عبادتوں کے معیار قائم کئے۔ بچوں کی بہترین تربیت کی۔ حضرت اُمّ عمارہ رضی اللہ عنہا کی بے نظیر قربانیوں اور خدمات کا تفصیلی تذکرہ۔ آج ہر عورت کا کام ہے کہ اُمّ عمارہ بن کر آنحضرتؐ کی ذات اور اسلام پر لگائے گئے ہر الزام کا جواب دے کر آپؐ کی ذات اور اسلام کی حفاظت کا حق ادا کرنے کی کوشش کرے۔ آج کل الیکٹرونک میڈیا کے ذریعہ اسلام پر ،احمدیت پر حملے کئے جاتے ہیں۔ آنحضرتؐ کی ذات پر، قرآن کریم پر حملے کئے جاتے ہیں۔ ان حملوں کو پسپا کرنے کے لئے جہاں مَردوں کو اپنی طاقتیں صرف کرنے کی ضرورت ہے وہاں عورتوں کو بھی اپنی تمام تر طاقتوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ لڑکیاں اور پڑھی لکھی عورتیں اپنے آپ کو اس کام کے لئے پیش کریں۔ ہمیں ایک اُمّ عمارہ نہیں بلکہ ہزاروں اُمّ عمارہ کی ضرورت ہے۔ صحابیات رسول حضرت اُمّ سلمہؓ، حضرت اُمّ ورقہؓ بنت عبداللہ، حضرت فاطمہؓ بنت خطاب کی خدا اور رسول سے محبت، اخلاص و وفا اور قربانیوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ آج آخرین میں شامل ہونے والی عورتوں نے بھی یہی مثالیں قائم کرنی ہیں۔ ہر عورت اور ہر لڑکی یہ سمجھے کہ آج اسلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کی ذمہ داری صرف اور صرف میری ہے۔	22-29 جولائی	29-30
جلسہ سالانہ جرمنی 2008ء کے موقع پر خواتین سے خطاب اور نہایت اہم نصائح)	بتاریخ 23ر اگست 2008ء بمقام مئی مارکیٹ منہائم	ایک احمدی لڑکی، ایک احمدی عورت کو یاد رکھنا چاہئے کہ اس کا ایک تقدس ہے ،اس کا ایک مقام ہے جس کو قائم رکھنا ہر دوسری خواہش سے زیادہ ضروری ہے ۔اپنی عزت کی حفاظت اور اپنے خاندان کی عزت کی حفاظت ایک احمدی عورت ا ورلڑکی کے لئے سب سے زیادہ اہم چیز ہے اور ہونی چاہئے ۔ملک کے شہری کی حیثیت سے اپنے فرائض ادا کرنا، ملک کی بہتری کے لئے اپنی تمام تر استعدادوں کو استعمال کرنا، جس ملک میں گئے ہیں وہاں کی زبان سیکھنا بھی بہت ضروری اور قابل تعریف اور قابل ستائش ہے لیکن ایک بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ ایک احمدی مسلمان کو اپنی مذہبی روایات کا پاس رکھنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ مغربی ممالک میں آزادی کے نام پر جو اخلاقی قدروں کی پامالی ہو رہی ہے اس کا ملک کی ترقی	4ر نومبر	44

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطاب
		سے کوئی تعلق نہیں ۔ یہ ظاہری دنیاوی آزادیاں ، آزادیاں نہیں ۔ نہ ہی ان سے اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔ پاکستان سے باہر آئی ہوئی عورتیں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھیں کہ بچت کر کے کچھ نہ کچھ باقاعدگی سے شادی فنڈ میں دیا کریں ۔ ایک مومنہ اور ایک مومن کے لئے ترقی دنیاوی آسائشوں کا نام نہیں ہے ۔ ترقی ننگے لباس میں نہیں ہے ۔ ترقی بے پردگی میں نہیں ہے ۔ ترقی مرد اور عورت کی بے حجابیوں میں نہیں ہے ۔ بلکہ ترقی اللہ تعالیٰ کی رضا سے وابستہ ہے اور یہی دائمی ترقی ہے ۔		
45	11 نومبر	ایک تبلیغ کرنے والے کی یہ خصوصیت ہونی چاہئے کہ وہ صالح عمل کرے اور کامل فرمانبرداری کا نمونہ دکھائے ۔ صالح عمل وہ کام ہے جو صحیح بھی ہو، جائز بھی ہو اور موقع ومحل کے مطابق بھی ہو ۔ ہر دیکھنے والے کو نظر آئے کہ احمدی نوجوان اپنے دین کے بارہ میں جو کہتا ہے اس پر عمل کر کے بھی دکھاتا ہے۔ خدام الاحمدیہ کو ایسے پروگرام تشکیل دینے چاہئیں جو نوجوانوں کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھیں ۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ نوجوان ہی ہیں جو قوموں کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آئندہ ہماری ترقی ، خاص طور پر ان مغربی ممالک میں، تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے پر منحصر ہے۔ احمدی طلباء کو چاہئے کہ ریسرچ، سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے آئیں ۔	اسلام آباد ۔ لندن 5 / اکتوبر 2008ء	(مجلس خدام الاحمدیہ برطانیہ کے 36ویں سالانہ اجتماع کے موقع پر اختتامی خطاب)
46	18 نومبر	اب خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے اس مسیح و مہدی کو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس غلام کو مان لو تا کہ دنیا اور عاقبت سنوار سکو تا کہ فلاح پانے والے بن سکو تا کہ کامیابیاں تمہارے ساتھ ہوں ۔ کیونکہ اس غلام صادق کے ساتھ ہی اب تمام برکات وابستہ ہیں اور اس کے ساتھ ہی خلافت کے تاقیامت چلنے کی پیشگوئی بھی جڑی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ ہی پوری ہوگی ۔ اس زمانے کے امام کو ماننے اور اس کے بعد خلافت کے نظام کے اندر آنے میں اب ہر مسلمان کی بقا ہے، دنیا کی بقا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نظام خلافت کے وعدے کے ساتھ عبادتوں ، نمازوں اور مالی قربانیوں کو رکھ کر اس طرف توجہ دلائی ہے کہ اس نظام کی حفاظت نمازوں کے قیام اور مالی قربانیوں سے ہوگی ۔ جماعت احمدیہ کی تاریخ نے یہی بتایا ہے کہ جماعت کے خلاف جو بھی فرعون اٹھا اللہ تعالیٰ نے اسے اس انعام کی برکت کی وجہ سے جو خلافت کے رنگ میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں دی ہے تباہ و برباد کر دیا۔ پس ہماری تاریخ تو الٰہی تائیدات اور خوف کی حالت سے امن کی حالت میں آنے سے بھری پڑی ہے ۔ آج بھی وہی خدا ہے وہی مسیح محمدی کی جماعت ہے وہی نظام خلافت ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے خوف سے امن میں بدلنے کے وعدے کئے ہوئے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ جو نظارے ہمیں ماضی میں دکھائے گئے آئندہ بھی دکھاتا چلا جائے گا ۔	فرمودہ 12 اکتوبر 2008ء مقام نن سپیٹ ۔ ہالینڈ)	(جماعت احمدیہ ہالینڈ کے جلسہ سالانہ 2008ء کے موقع پر اختتامی خطاب

تعلیمی، تربیتی و علمی مضامین

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر126 اَلْحِوَارُ الْمُبَاشِر (4)	7/جنوری	1
جمیل احمد بٹ۔کراچی	توہین رسالت کی سزا (دوسری اور آخری قسط)		
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	ذکر حبیب۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عائلی زندگی (نمبر1)	14/جنوری	2
عبدالماجد طاہر۔ایڈیشنل وکیل التبشیر	کہاں ممکن ترے فضلوں کا اِرقام (نمبر9)		
محمد احمد راشد۔مبلغ سلسلہ جرمنی	تقریر۔قول سدید		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر127 ایم ٹی اے3 العربیہ (1)		
امور عامہ ربوہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی ایک جھلک		
اعلان	داخلہ جامعہ احمدیہ	21/جنوری	3
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر128 ایم ٹی اے3 العربیہ (2)		
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	ذکر حبیب۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عائلی زندگی (نمبر2)		
امور عامہ ربوہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی ایک جھلک (ماہ نومبر 2010) (نمبر2)		
حامدہ سنوری فاروقی	مکرم مسعود احمد صاحب خورشید سنوری (مرحوم)		
اعلان داخلہ	داخلہ جامعہ احمدیہ یوکے انگریزی	28/جنوری	4
محمد انیس دیال گڑھی	مکرم ہدایت اللہ بُخش صاحب (مرحوم) کا ذکر خیر		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر129 ایم ٹی اے3 العربیہ (3)		
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	ذکر حبیب۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عائلی زندگی (نمبر3)	28/جنوری	4
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر130 ایم ٹی اے3 العربیہ (4)	4/فروری	5
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	ذکر حبیب۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عائلی زندگی (نمبر4)		
امور عامہ۔ربوہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی ایک جھلک (رپورٹ ماہ دسمبر 2010ء)	4/فروری	5
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر131	11/فروری	6
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	ذکر حبیب۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عائلی زندگی (پانچویں اور آخری قسط)		
امور عامہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی ایک جھلک (رپورٹ ماہ دسمبر 2010ء) (دوسری قسط)	11/فروری	6
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر132 (الحوار المباشر 5)	18/فروری	7
آپ کے خطوط	مکرم فضل الٰہی صاحب انوری جرمنی اور مکرم سعید انور صاحب بریڈفورڈ کے خطوط		
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی کچھ یادیں کچھ باتیں		
(ڈاکٹر محمد داؤد مجوکہ و مظفر محمود شاہد۔جرمنی)	واقعہ صلیب اور کفنِ مسیحؑ پر بعض اعتراضات کا جواب	18/فروری	7
صدر انجمن احمدیہ ربوہ	قرارداد تعزیت شہداء انڈونیشیا	25/فروری	8
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر133		
صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ربوہ	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی کچھ یادیں کچھ باتیں (دوسری اور آخری قسط)		
سید مبشر احمد ایاز۔ربوہ	نوح کا زمانہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آجائے گا۔	25/فروری	8

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 134 (انہیں ماتم ہمارے گھر میں شادی)	4/مارچ	9
از حضرت مصلح موعودؓ	سوال وجواب (روزنامہ الفضل 30/مارچ 1931ء)		
انجینئر محمد ایوب۔سوئٹزرلینڈ	الٰہی جماعتوں پر آنے والے ابتلا ان کی سچائی کی دلیل ہیں	4/مارچ	9
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 135 (خلافت کی اہمیت وافادات کا اعتراف)	11/مارچ	10
انجینئر محمد ایوب۔سوئٹزرلینڈ	الٰہی جماعتوں پر آنے والے ابتلا ان کی سچائی کی دلیل ہیں (دوسری اور آخری قسط)	11/مارچ	10
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 136 (سماح محمود علاونہ)	18/مارچ	11
امور عامہ ربوہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی چند جھلکیاں (ماہ جنوری 2011ء)		
مولانا دوست محمد صاحب شاہد	جماعت احمدیہ کی بنیاد کا تاریخی دن 23/مارچ 1889ء	18/مارچ	11
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 137 (سماح محمود علاونہ)	25/مارچ	12
امور عامہ ربوہ	پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کی چند جھلکیاں (ماہ جنوری 2011ء) (دوسری قسط)		
اعلان	سید داؤد مظفر شاہ صاحب کی وفات	25/مارچ	12
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 138 (محمد رضا علاونہ صاحب از فلسطین)	یکم اپریل	13
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 139 (محمد رضا علاونہ صاحب از فلسطین)	8/اپریل	14
حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ	**لَا یَعْلَمُ اِلَّا هُوَ** (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی ایک نہایت اہم رؤیا)		
(امۃ الشافی۔اہلیہ ڈاکٹر عبد المنان صدیقی شہید۔حال مقیم امریکہ)	**اُذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ** مکرمہ نعیمہ بیگم صاحبہ مرحومہ		14
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 140 (مکرم ایمن المالکی صاحب از فلسطین)	8/اپریل	15
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 141 (مکرم ماجد القرطوسی صاحب از فلسطین)	15/اپریل	16
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	زلازل اور قدرتی آفات کے روحانی اسباب	22/اپریل	17
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 142 (مکرم مال ابوضیاف صاحب)	22/اپریل	17
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 143 (مکرم عبد الرزاق قماش صاحب)	29/اپریل	18
محمود احمد ملک۔لندن	خلافت احمدیہ اور ہمارے فرائض سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے نہایت پُر معارف ارشادات سے انتخاب	29/اپریل	18
محمود احمد ملک۔لندن	خلافت احمدیہ اور ہمارے فرائض (دوسری قسط)	13/مئی	19
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 144 (مکرم عبد الرحیم زراع صاحب)		
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کا پہلا یورپین نژاد نومسلم احمدی پروفیسر کلیمنٹ ریگ	13/مئی	19
محمود احمد ملک۔لندن	خلافت احمدیہ اور ہمارے فرائض (تیسری قسط)	20/مئی	20
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 145 (مکرم معروف صابر السید صاحب)		
عبد السمیع خان۔ربوہ	خلافت اتحاد اُمّت کی ضمانت ہے	20/مئی	20
محمود احمد ملک۔لندن	خلافت احمدیہ اور ہمارے فرائض (چوتھی اور آخری قسط)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر 146 (مکرم معروف صابر السید صاحب۔قسط2)		
نصیر احمد انجم۔ربوہ	خلافت میں اطاعت کے نمونے۔(تقریر)	27/مئی	21
ادارہ	مسئلہ ناسخ ومنسوخ۔سے متعلق ایک استفسار کے جواب میں (حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّلؓ) کا ایک نہایت ہی پُرمغز، جامع اور بصیرت افروز مکتوب	3/جون	22

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک یوکے	مَصَالِحُ الْعَرَب قسط نمبر147 (مکرم معروف صابر السید صاحب۔قسط3)		
آصف باسط۔لندن	یہ تو خود اندھی ہے گر نیر الہام نہ ہو		
عطاء النور	پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی	3/جون	22
حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ	کا ایک شیعہ دوست کے نام مکتوب	10/جون	23
